(۲) یَا دَائِمَ الْعِزِّ وَالْبَقَاءِ وَیَا وَاهِبَ الْجُوْدِ وَالْعَطَاءِ یَا وَدُوْدُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِیْدِ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ + اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ہ یَا تَكْفِیْلُ بِحَقِّ یَا صَمَدُ الْغَفَّارُ وَالْمَنُّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ یَا صَمَدُ + پانچ سو ایک دفعہ اول و آخر درود شریف تین تین دفعہ ایک وقت مقرر کر کے ۲۱ دن تک روزانہ پڑھنا چاہیے۔ انشاءاللہ رزق میں بے انتہا کشائش ہوگی۔

(۳) یَا رَزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِیْنِ ہ کشائش رزق کے لیے روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھنا چاہیے۔

(۴) سورہ فاتحہ مع بسم اللہ شریف ستر مرتبہ۔ اتوار کے دن + ساٹھ مرتبہ پیر کے دن۔ پچاس مرتبہ منگل کے دن۔ چالیس مرتبہ بدھ کے دن تیس مرتبہ جمعرات کے دن۔ بیس مرتبہ جمعہ کے دن۔ دس مرتبہ ہفتہ کے دن پڑھنا چاہیے۔ یہ عمل مہینہ کے پہلے اتوار سے شروع کرے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھنا چاہیے جب رزق کی تنگی ہو۔ اس وظیفہ کو پڑھ لینا چاہیے۔ انشاءاللہ رزق میں کشائش ہو جائے گی۔

(۵) اول درود شریف گیارہ مرتبہ پھر سورہ واقعہ تین مرتبہ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ

پڑھنا کشائش رزق کے لیے بہت مفید ہے۔ کم از کم تین دن تک روزانہ پڑھنا چاہیے۔

(۶) درود شریف تین مرتبہ۔ سورہ یٰسٓ ایک مرتبہ۔ سورۂ مزمل ایک مرتبہ سورہ محمد ایک مرتبہ۔ پھر درود شریف تین مرتبہ روزانہ بعد نماز صبح پڑھنا کشائش رزق کے لیے مفید ہے۔

(۷) اس نقش کو ایسی سکوری پر جسے پانی نہ لگا ہو لکھ کر آفتابہ کے پیچھے رکھ دے۔ انشاءاللہ غیب سے کھانا پہنچے گا۔

۷۸۶

۶۸	۶۳	۷۰
۶۹	۶۷	۶۵
۶۴		۶۶

۷۱

(۸) آیت وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہ کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ اس آیت کے اعداد کے موافق عہ ۶۳۵۹ چھ ہزار تین سو انسٹھ دفعہ روزانہ اس آیت کو پڑھے چالیس دن تک۔ اس زمانہ میں اس آیت کے نقش کو اپنے پاس رکھے اور خلوت میں بیٹھ کر اس عمل کو پڑھے۔ گائے اور مچھلی کے گوشت اور تیل سے پرہیز کرے۔ جب چالیس دن پورے ہو جائیں تو پھر روزانہ تین سو اکیس دفعہ پڑھ لیا کرے۔ انشاءاللہ کبھی فقیر نہ ہوگا۔ اور غیب سے اللہ تعالےٰ روزی مرحمت فرمائے گا۔ اگر اس عمل کی زکوٰۃ ادا کرنے کا خیال نہ ہو۔ تو صرف بارہ دن تک چھ ہزار تین سو انسٹھ دفعہ پڑھنا کافی ہے۔ اگر بارہ دن بھی ممکن نہ ہوں تو صرف تین دن پڑھنا کافی ہے۔ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵۸۹	۱۵۹۲	۱۵۹۶	۱۵۸۲
۱۵۹۵	۱۵۹۵	۱۵۸۳	۱۵۸۸
۱۵۸۴	۱۵۹۸	۱۵۹۰	۱۵۸۷
۱۵۹۱	۱۵۸۶	۱۵۸۵	۱۵۹۷

اللہ

(۹) دو رکعت نماز نفل کی نیت باندھے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ یٰسین اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورہ مزمل پڑھے پھر سلام پھیرنے کے بعد تین دفعہ سورۂ یٰسین اور تین دفعہ سورہ مزمل پڑھے۔ پھر دربار ایزدی میں عاجزی کے ساتھ وسعت رزق کے لیے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔

(۱۰) جو شخص سونے سے قبل تین مرتبہ روزانہ یٰسین شریف پڑھ کر سویا کرے وہ انشاء اللہ تعالیٰ کبھی مفلس نہ ہوگا۔

(۱۱) دو رکعت نماز نفل کی نیت باندھے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورہ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ سو دفعہ پڑھنی چاہیے اور سلام کے بعد ستر دفعہ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۚ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ ۝ اور سات سو بار سورۂ إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ ۝ اور ستر بار يَا فَتَّاحُ يَا وَهَّابُ پڑھے۔ اس کی برکت سے مشکلیں آسانی سے اور فقیری تونگری سے تبدیل ہو جائے گی۔

(۱۲) سورۂ یٰسین اکتالیس بار، اول و آخر درود شریف تین تین بار گیارہ دن تک پڑھنے سے کایا پلٹ ہو جاتی ہے۔ رزق میں وسعت اور مال میں بے انتہا برکت حاصل ہوتی ہے۔

(۱۳) جمعہ کی رات میں چار رکعت پڑھے۔ ہر رکعت میں ایک دفعہ آیۃ الکرسی اور سو دفعہ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ ۝ اور ایک دفعہ لَا يُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا إِلَّا هُوَ پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد گڑگڑا کے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں بہت کشائش ہوگی۔

(۱۴) اول درود شریف پھر اکتالیس مرتبہ سورۂ یٰسین شریف۔ پھر ایک مرتبہ

اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ رِزْقِیْ فِی السَّمَاءِ فَانْزِلْہُ وَاِنْ کَانَ فِی الْاَرْضِ فَاَخْرِجْہُ وَاِنْ کَانَ فِی الْبَحْرِ فَاَطْلِعْہُ وَاِنْ کَانَ بَعِیْدًا فَقَرِّبْہُ وَاِنْ کَانَ قَرِیْبًا فَیَسِّرْہُ وَاِنْ کَانَ قَلِیْلًا فَکَثِّرْہُ وَاِنْ کَانَ کَثِیْرًا فَھَوِّنْہُ وَبَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَارْزُقْنِیْ مِنْ حَیْثُ اَحْتَسِبُ وَمِنْ حَیْثُ لَا اَحْتَسِبُ رِزْقًا حَلَالًا طَیِّبًا فَدَقًا سَحًا طَبْقًا مُبَارَکًا فِیْہِ حَتّٰی لَا یَکُوْنَ لِاَحَدٍ مِنْ خَلْقِکَ عَلَیَّ فِیْہِ مِنَّۃٌ وَجْعَلْ یَدَیَّ عَلْیَا بِالْاِعْطَاءِ وَلَا تَجْعَلْ یَدَیَّ سُفْلٰی بِالْاِسْتِعْطَاءِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۱۰ پڑھے۔ پھر دعا مانگے پھر درود شریف پڑھ کر سو جائے انشاء اللہ تعالےٰ غیب سے روزی کا سامان ہو جائے گا اور تنگ دستی دور ہو جائے گی۔

(۱۵) مغرب کی نماز کے بعد چھ سلام کے ساتھ بارہ رکعتیں پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین بار سورہ اخلاص پڑھے پھر وسعت رزق کے لیے دعا مانگے۔ انشاء اللہ قبول ہوگی۔

(۱۶) دو رکعت نفل بعد نماز عشا پڑھے۔ ہر رکعت میں سات دفعہ سورۂ کوثر سورۂ فاتحہ کے بعد پڑھے، پھر سلام کے بعد گیارہ دفعہ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَنْ مَنْ سِوَاکَ پڑھے انشاء اللہ مفلسی دور اور تونگری قریب ہو جائے گی۔

(۱۷) صبح کی نماز کے بعد روز یَا فَتَّاحُ ایک سو ایک دفعہ یَا رَزَّاقُ ایک سو ایک دفعہ یَا وَھَّابُ ایک سو ایک دفعہ اول و آخر درود شریف پڑھنے سے تنگی دور ہوتی ہے۔

اولاد پیدا ہونے کے وظیفے

(۱) سورہ مزمل ایک سو ایک دفعہ درود شریف اول و آخر ایک ایک دفعہ پڑھ کر کسی مٹھائی پر دم کر کے عورت کو کھلا دیا جائے۔ انشاء اللہ وہ عورت بانجھ نہیں رہے گی۔

(۲) دو رکعت نماز نفل پڑھنی چاہیے۔ ہر رکعت میں سورۂ اخلاص اور معوذتین گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ نماز پڑھنے کے بعد اولاد کے پیدا ہونے کی دعا مانگے انشاء اللہ دعا مستجاب ہو گی۔

(۳) نوچندی جمعرات کو بعد نماز صبح اول و آخر ایک ایک دفعہ درود شریف سورہ الحمد شریف معہ بسم اللہ و آمین ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر شرینی پر دم کر کے زن و شوہر کو کھلائے۔ انشاء اللہ اولاد ہو جائے گی۔

(۴) کچے سوت کے اکتالیس تار عورت کے قد کے برابر ناپے۔ تین بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور تین بار درود شریف اور گیارہ بار آیت الکرسی پڑھے ہر دفعہ پڑھنے کے بعد اس پر دم کرے۔ پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے، پھر سورۂ رحمٰن کی تلاوت کرے جس جگہ فَبِاَیِّ اٰلَاۗءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ آئے۔ اس پر دم کرے اور گرہ دے دے اور ایک گرہ لگائے جب گنڈہ تیار ہو جائے تو گیارہ پیسے یا گیارہ روپے کی مٹھائی منگا کر حضرت پیران پیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نیاز دلائے اور حاضرین مجلس اور غریب غرباء میں تقسیم کر دے۔ جب عورت ایام ماہواری سے فارغ ہونے کے بعد نہائے تو گنڈہ عورت کی کمر سے باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور اولاد پیدا ہو گی۔

(۵) منگل کے دن آفتاب نکلنے کے بعد دس رکعتیں پڑھے ہر رکعت میں

سورہ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی ایک بار پڑھے۔ سورہ اخلاص تین دفعہ پڑھے، ہر دو رکعتوں کے بعد سلام پھیرے اور اولاد کی دعا مانگے، انشاء اللہ تعالیٰ دعا مستجاب ہوگی۔

بچوں کی حفاظت اور تندرستی کے وظیفے اور تعویذ

(۱) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ٥ اول و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھ کر دم کر دیا جائے انشاء اللہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

(۲) ایک کاغذ پر سورہ الم نشرح لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ صحت تامہ حاصل ہوگی۔

(۳) الٰہی تو بگرداں ہر بلا را + ز آفا نگہداری ہمہ را + الٰہی بحرمتہ سورۂ مدثر + الٰہی بحرمتہ سورہ ہود۔ الٰہی بحرمتہ۔ سورہ مزمل الٰہی بحرمتہ سورہ یوسف الٰہی بحرمتہ سورہ یونس الٰہی بحرمتہ سورہ یٰسین الٰہی بحرمتہ سورہ والشمس الٰہی بحرمتہ سورہ والضحیٰ الٰہی بحرمتہ سورہ الم نشرح الٰہی بحرمتہ سورۃ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ لَا اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ وَلَا اَنْتُمْ عَابِدُوْنَ مَا اَعْبُدُ ٥ وَلَا اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ۔ این طفل را از ہمہ بلاہا محفوظ دار بحق ہر دو گیسوی محمد محفوظ دار، تین دفعہ روزانہ پڑھ کر بچہ پر دم کر دیا کرے، انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر بلا سے محفوظ رہیگا۔ اور اُسے صحت و زندگی حاصل ہوگی۔

(۴) سورہ یٰسین ایک باریک کاغذ پر لکھ کر بچہ کے سرہانے آویزاں کر دے اور قرآن شریف کی ہوا دے۔ انشاء اللہ بچہ دنیاوی مصیبتوں سے محفوظ رہے گا اور عمر طبعی حاصل کرے گا۔

(۵) نادعلی کی تختی بنوا کر بچہ کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ مامون و محفوظ رہے گا۔

(۶) لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ o تین دفعہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا دَائِمُ تین دفعہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ دفعہ پڑھ کر بچہ پر دم کر دے۔ گیارہ دن تک متواتر یہ عمل کرے انشاء اللہ بچہ ہر رنج و غم اور ہر بیماری سے محفوظ رہے گا۔

	۷۸۶	
۷۸۶	بسم اللہ	الرحمن الرحیم
بسم	اللہ	الرحمن الرحیم
بسم اللہ الرحمن	الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۷) یہ تعویذ کاغذ پر لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈال دے یا چاندی کی تختی بنا کر گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

محمد — اللہ — یا حیی — یا محیی — اللہ — محمد

(۸) بہ برکت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بہ برکت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بہ برکت حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ بہ برکت حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ از ہر بلا مامون دار۔ یہ تعویذ لکھ کر بچے کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بیماری اور ہر ناگہانی بلا دور رہے گی۔

بچوں کی بیماریوں کے دور کرنے کے تعویذ اور وظیفے

(۱) وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ o یٰاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ o یَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ o وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ o وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ o قُلْ هُوَ

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاءٌ برچھا بنیں سات دفعہ سورۂ فاتحہ ایک دفعہ درود شریف اول وآخر ایک ایک مرتبہ پڑھ کر جس بچے پر دم کرے گا انشاء اللہ اس کو خواہ کوئی بیماری ہو دور ہو جائے گی۔

اگر کوئی بڑا آدمی بیمار ہو تو چینی کی طشتری پر ان آیتوں کو زعفران سے لکھ کر پلا دیا جائے۔ سات دن تک برابر یہی عمل کرنے سے انشاء اللہ مرض سے صحت ہو جائے گی۔

(۲) الحمد للہ رب العالمین آخر تک تین مرتبہ مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۵ دفعہ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ ۵ دفعہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر بچہ پر دم کر دے جو مرض ہوگا انشاء اللہ کافور ہو جائے گا۔

(۳) درود شریف گیارہ مرتبہ اول، بعدہٗ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ يَا اَللّٰهُ اَحَدُ يَا اَلصَّمَدُ الْاَحَدُ۔ يَا اللّٰهُ الصَّمَدُ۔ يَا اللّٰهُ الصَّمَدُ الْاَحَدُ۔ يَا اللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ۔ اَللّٰهُ الصَّمَدُ۔ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ يَا اللّٰهُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ يَا اللّٰهُ لَمْ يَلِدْ يَا اللّٰهُ لَمْ يُوْلَدْ اللّٰهُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدًا۔ يَا اللّٰهُ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔ تین مرتبہ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر جس مریض پر خواہ وہ بچہ ہو یا بڑا دم کرے گا اُسے شفائے کامل حاصل ہوگی۔ اگر مریض پانی پینے کے قابل ہو تو یہ مبارک عمل کسی پاک برتن پر زعفران سے لکھ کر گیارہ دن تک اُس کا پانی مریض کو پلائے۔ موت کا تو علاج نہیں باقی ہر مرض سے انشاء اللہ شفا ہو جائے گی۔

(۴) جو شخص روزانہ يَا صَمَدُ اکتالیس دفعہ دن بھر میں کسی وقت پڑھ لیا کرے۔

انشاء اللہ ہر ناگہانی آفت اور اچانک مرض سے محفوظ رہے گا۔ جادو بھی اُس پر اثر نہ کر سکے گا۔

(۵)

۱	۴۶۷۸	۴۶۷۴	۸
۴۶۷۵	۷	۲	۴۶۷۷
۶	۴۶۷۲	۴۶۸۰	۳
۴۶۷۹	۴	۵	۴۶۷۳

یہ نقش کاغذ پر لکھ کر یا کسی متقی پرہیزگار آدمی سے لکھوا کر گلے میں ڈال لیا جائے یا کسی پاک برتن پر لکھ کر یا کسی متقی پرہیزگار آدمی سے لکھوا کر پانی کے ساتھ پی لیا جائے انشاء اللہ ہر مرض کے لیے مفید ہے۔

(۶) یہ نقش زعفران اور کیوڑہ سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے تو انشاء اللہ بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا اور اُس کا رونا دھونا بھی جاتا رہے گا۔

بسم اللہ	بسم اللہ	الرحمن الرحیم	الحمد للہ	رب العالمین
الرحمن الرحیم	مالک	یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم
غیر المغضوب	علیھم	ولا	الضالین	آمین

(۷) یہ نقش بچوں کے سوکھے کی بیماری دور کرنے کے لیے مجرب ہے۔ معطر کر کے کسی پاک کپڑے میں بچے کے گلے میں باندھ دینا چاہیے۔

۷۸۶

۳۱۵۷	۳۱۵۰	۳۱۵۵
۳۱۵۲	۳۱۵۴	۳۱۵۶
۳۱۵۳	۳۱۵۸	۳۱۵۱

(۸) یہ نقش بچوں کے پسلی کے مرض کے لیے فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ اچھی طرح خوشبو لگا کر کسی پاک کپڑے میں لپیٹ کے بچے کے گلے میں باندھ دیا جائے۔ انشاءاللہ صحت ہوگی۔

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

(۹) بچوں کو ایک مرض شدید ہو جاتا ہے جس سے وہ سوکھ کر کانٹا ہو جاتے ہیں۔ یہ نقش اسی مرض کے دور کرنے کے لیے ہے۔ دائیں بازو میں باندھ دینا چاہیے۔

یاشافی	یامومن	یاحفیظ	یاسلام
۱۵۵۸	۱۴۳	۹۵۱	۱۴۰
۱۴۴	۱۵۱۱	۱۳۷	۵۵
۱۴۶	۳۹۹	۱۴ع	۵۱۵

(۱۰) ایک بالشت آٹھ انگل کا تنکا لا کر سر سے لے کر پیر تک بچہ کو جھاڑے اور سورہ ناس سات دفعہ پڑھ کر بچہ پر دم کرے۔ یہ عمل تین دن کیا جاتا ہے۔ بچہ کے سوکھے کا مرض، اور پسلی کا درد جاتا رہتا ہے۔ نہایت مجرب ہے۔

(۱۱) یااللہ ۷۸۶ بحق علی

ارحم

ولے	وھاب	واحد	حے
حے	حے	وھاب	ولے
ولے	وھاب	حے	واجد
حے	واجد	ولے	وَھّاب

بحق حسن ارحم بحق حسین

پسلی کے مرض کے لیے یہ نقش معظم بہت مفید ہے، تعویذ بنا کر بچے کے گلے میں ڈال دینا چاہیے اور پانچ پیسے کے بتاشے منگا کر بچوں میں تقسیم کر دینے چاہئیں۔

(۱۲) یہ نقش معظم بچوں کے ہر مرض کے واسطے مفید ہے۔ خوشبو لگا کر کسی پاک کپڑے میں لپیٹ کر بچے کے گلے میں باندھ دینا چاہیے۔

۷۸۶	۹۲	اللہ	۷۸۶
ھو	الرحمن	الرحیم	ھوالشافی
الرحمن	الرحیم		ھوالکافی

رب انی مغلوب فانتصر

(۱۳) قل ہو اللہ شریف تین دفعہ رَبِّ اِنِّی مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ تین سو ساٹھ دفعہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف روزانہ بعد نماز عشاء پڑھ کر بچہ پر دم کر دیا جائے ان شاء اللہ ہر مرض سے محفوظ رہے گا اور کبھی کوئی بیماری نہ ستائے گی۔

مخصوص عورتوں کے فائدہ کے تعویذ اور وظیفے

(۱) یہ تعویذ نابالغ بچی کے کاتے ہوئے دھاگوں میں باندھ کر حاملہ عورت کی کمر میں باندھ دیا جائے ان شاء اللہ درد زہ کے لیے بہت مفید ثابت ہوگا اور تکلیف مٹ جائے گی، آسانی معلوم ہوگی۔

یا جبریل

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

یا اسرافیل — یا عزرائیل — یا میکائیل

(۲) اسقاط حمل کے مریضہ کے لیے ازبس مفید ہے۔ اس کو پانی میں گھول کر تھوڑا تھوڑا پانی بیس بیس منٹ کے بعد پلائے اور جب پانی کم ہو جائے تو صرف صبح شام پلائے۔ قدرت الٰہی کی برکت سے کامل نفع حاصل ہوگا۔ مجرب ہے۔

ع
ص
۳ ھـ ط
ھـ ط

(۳) مشرق

الٰہی بحرمت خواجہ عبدالکریم
الٰہی بہ برکت ایں گردنامہ
فلاں بن فلاں فلاں
زود تر حاضر گردد

الٰہی بحرمت خواجہ عبدالجلیل

الٰہی بحرمت خواجہ عبدالرشید

اگر کسی عورت کا خاوند کہیں چلا گیا ہو بغیر اطلاع کیے تو اس گردنامہ کو اگر مکان میں کوئی درخت ہو تو لفظ مشرق کے نیچے سوراخ کر کے ایک تاگے میں باندھ کے اُس درخت میں لٹکا دیا جائے۔ درخت نہ ہو تو صحن مکان میں ایک بانس گاڑ کر یہ گردنامہ اس میں لٹکا دیا جائے۔ ہوا میں جس قدر اس کو جنبش ہو گی خاوند اسی قدر جلدی حاضر ہو گا۔ یہ تعویذ ہر گم شدہ شخص کی طلبی کے لیے مفید ہے۔

(۴) یہ نقش دردِ زہ کے واسطے مفید ہے بائیں ران میں باندھنا چاہیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایزد قدس مشکل آسان کرے گا۔ اس نقش میں بڑی برکتیں ہیں۔ یہ نقش پاک کپڑے میں لپیٹنا چاہیے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۶

ہمہ بلاہا دور شود

(۵) یَا صَمَدُ یَا اللّٰہ یَا صَمَدُ یَا اللّٰہ اللّٰہُ الشَّافِی الْکَافِیْ الْوَافِی یہ کلمات ایام حمل میں اگر عورت کثرت سے تلاوت کرے گی تو اُسے دردِ زہ کی تکلیف نہ ہو گی۔

(۶) یسزابو، لزرعی، جوشاھنوعا، عالماً، طیوسوفاً، سلیخاً ملیخاً، ملقوماً یا قبراً بحق

کھیعص، دبخ حمعسق، حمایتنا کفا یتنا سیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم
گیارہ مرتبہ۔ درود شریف اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ، صبح کی نماز کے بعد آفتاب نکلنے
سے پہلے پڑھ کر پانی پر دم کر دیا جائے۔ عورت کے ہر مرض کے لیے مفید ہے۔ اگر
مناسب ہو تو تھوڑا سا پانی مریضہ کے بدن پر بھی مل دیا جائے۔ یہ عمل ہفتہ یا جمعرات
یا پیر سے شروع کرنا چاہیے۔ عورت کے علاوہ مردوں کے امراض کے لیے بھی
مفید ہے۔

(۷) یہ تعویذ آسیب زدہ عورت کے لیے بہت مفید ہے۔ اسے آسیب زدہ
عورت کی چوٹی میں باندھنا چاہیے نقش معظم یہ ہے۔

۷×۶

۱۰۶۵۴	۱۰۶۶۸	۱۰۶۶۵	۱۰۶۶۲
۱۰۶۶۶	۱۰۶۶۱	۱۶۰۵۵	۱۰۶۶۷
۱۰۶۶۰	۱۰۶۶۳	۱۰۶۷۰	۱۰۶۵۶
۱۰۶۶۹	۱۰۶۵۷	۱۰۶۵۹	۱۰۶۶۴

(۸) جمعرات کے دن چڑھتے چاند سورہ الم نشرح ایک سو ایک دفعہ درود شریف
اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پہلے زکوٰۃ ادا کرے۔ پھر جمعہ کے دن جمعہ کی نماز
کے بعد سرخ ریشم کے تو تار لے کر عورت کے قد کے برابر ناپے۔ پیشانی کے
بالوں سے لے کر ناخن پا تک ناپ ہو پھر ۳۲ بار الم نشرح اور اول و آخر گیارہ
گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس پر دم کرے اور گنڈہ میں گیارہ گرہ لگا کے
پھر یہ گنڈہ عورت کی کمر میں باندھ دیا جائے اور جب تک بچہ پیدا نہ ہو اس گنڈے
کو کھولا نہ جائے گنڈے کے باندھنے کے قبل بارہ آنہ یا بارہ روپے کی مٹھائی
منگا کر بزرگانِ دین کی فاتحہ دلا دی جائے۔ فاتحہ دلانا ضروری ہے جب بچہ پیدا

ہو جائے۔ تو گنڈہ ماں کی کمر سے کھول کر کسی ویران کنوئیں میں ڈال دیا جائے۔

مسان کی بیماری کے دور کرنے کے وظیفے اور تعویذ

(۱) فَسَہِّلْ یَا اِلٰہِی کُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَۃِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ سَہِّلْ تین بار آیت الکرسی سات بار پھر فَسَہِّلْ کُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَۃِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ سَہِّلْ تین بار سورۃ اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ تین بار پھر فَسَہِّلْ یَا اِلٰہِی کُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَۃِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ۔ تین بار پھر درود شریف پڑھ کر بچہ پر دم کر دیا جائے اور بچہ کی ماں کے گلے میں یہ تعویذ باندھ دیے جائیں۔ انشاءاللہ مسان کا مرض دور ہو جائے گا۔

۷۸۶

۴۹۷	۵۱۱	۵۰۷	۵۰۴
۵۰۸	۵۰۳	۴۹۸	۹۱۰
۵۰۲	۵۰۵	۵۱۳	۴۹۹
۵۱۲	۵۰۰	۵۰۱	۵۰۶

۷۸۶

یا شافی	یا کافی	یا محی
یا حفظ	یا ناصح	یا باقی
یا حی		یا قیوم

(۲) بِسْمِ اللّٰہِ شَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ کَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ تین بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا مُحَمَّدُ اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ یَا مُحَمَّدُ وَوَضَعْنَا عَنْکَ یَا مُحَمَّدُ وِزْرَکَ الَّذِیْ یَا مُحَمَّدُ اَنْقَضَ ظَہْرَکَ یَا مُحَمَّدُ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ یَا مُحَمَّدُ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا یَا مُحَمَّدُ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ یَا مُحَمَّدُ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ یَا مُحَمَّدُ۔ تین بار درود شریف گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھ کر مریض بچہ پر اور اس کی ماں پر دم کر دیا جائے۔ انشاءاللہ مسان کا مرض نیست و نابود ہو جائے گا اور صحت کاملہ حاصل ہو گی۔

صحت کے بعد پانچ پیسے یا پانچ آنے یا پانچ روپیہ کی مٹھائی غریب بچوں میں تقسیم کردینی چاہیے ۔

دردسر کے وظیفے

(۱) جس شخص کے سر میں درد ہو اُس سے کہہ دیا جائے کہ سر کو ہاتھ سے پکڑ لو پھر ایک چاقو لے کر اس کی نوک سے دیوار پر ابجد لکھا جائے اور ابجد کے الف کو چاقو سے دبایا جائے اور الحمد شریف چپکے چپکے پڑھی جائے جب تین دفعہ الحمد شریف مع بسم اللہ کے پوری ہو جائے ۔ اس کے سر کی طرف منہ کر کے دم کردیا جائے اور چاقو ہٹا لیا جائے ۔ انشاء اللہ دردسر جاتا رہے گا ۔ اگر نہ جائے تو دوبارہ چاقو کی نوک ابجد کی ب پر رکھے اور ایک دفعہ الحمد شریف مع بسم اللہ کے پڑھے ۔ اب بھی اگر درد نہ گیا ہو تو ج پر چاقو رکھ کر الحمد شریف پڑھنے کے بعد مریض کے سر کی طرف منہ کر کے دم کرے اور چاقو ہٹا لے اگر ج تک عمل کرنے سے دردسر نہ جائے تو ابجد کے د تک اسی طرح عمل کرے انشاء اللہ تعالےٰ فائدہ ہوگا ۔

(۲) درود شریف تین مرتبہ اَللّٰهُمَّ اَشْفِ اَنْتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ اَللّٰهُمَّ اَشْفِ بِفَضْلِ حَبِيْبِكَ ؐ تین دفعہ سورۂ اخلاص تین دفعہ درود شریف تین دفعہ ، پڑھ کر جس کے نصف سر میں درد ہو دم کر دیا جائے ۔ انشاء اللہ دردسر جاتا رہے گا ۔ اگر ایک بار عمل کرنے سے کچھ کمی محسوس نہ ہو ، دوبارہ اسی طرح کیا جائے ۔

(۳) جس شخص کے آدھے سر میں درد ہو انگوٹھے اور بیچ کی انگلی سے اس کی دونوں کنپٹیوں کو اچھی طرح پکڑے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ رب العالمین

آخر تک پڑھے اور آہستہ آہستہ دونوں انگلیوں کو سر کا ناہوا بیچ پیشانی پر لے آئے
اور پیشانی پر دم کر دے۔ تین دفعہ اس طرح عمل کرنے سے آدھے سر کا درد بالکل
جاتا رہتا ہے۔ اگر خدا نخواستہ پھر بھی سر میں درد اٹھے تو پھر یہی ترکیب کرنی چاہیے۔

بخار اور لرزہ کے دور کرنے کے لیے وظیفے

(۱) یَا مُحِیْطُ۔ ایک پاک ٹھیکری پر لکھ کر مریض کے بائیں بازو پر باندھ دیجیے
جس کو باری کا بخار آتا ہو خواہ وہ دوسرے دن چڑھتا ہو یا تیسری چوتھے دن انشاءاللہ
صحت کامل حاصل ہو جائے گی۔

(۲) دو پھوئے روئی کے لے کر ایک پر سات دفعہ الحمد شریف پڑھ کر دم کر دیں۔
دوسرے پر چھ دفعہ جس پر سات دفعہ دم کیا ہے وہ مریض کے دائیں کان میں
اور جس پر چھ دفعہ دم کیا ہے وہ مریض کے بائیں کان میں رکھ دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ
تیسرے یا چوتھے دن کے بخار کے دور کرنے کے لیے بہت مفید ثابت ہوگا
اگر اس عمل کے بعد بھی بخار نہ جائے تو دوبارہ روئی کے دو پھوئے لے کر یہی عمل
کیا جائے۔ صحت حاصل ہو جائے گی۔

(۳) جسے باری کا بخار آتا ہو اُسے رو بقبلہ لٹا کر ۱۰۱ ایک سو ایک دفعہ قل ہو اللہ
شریف پڑھ کر دم کرے۔ انشاءاللہ بخار جاتا رہے گا۔ بعد صحت اپنی حیثیت کے
موافق ایک یا ایک سے زیادہ غریبوں کو کھانا ضرور کھلانا چاہیے۔

(۴) قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ زعفران سے چینی کی تشتری پر لکھے اور اس
تشتری کو دھو کر اُس کا پانی صراحی میں رکھے۔ پھر اُس صراحی پر ایک سو ایک (۱۰۱) دفعہ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَحَبِيْبِنَا وَشَفِيْعِنَا وَنَصِيْرِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ

وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ہ پڑھ کر دم کرے اور جب مریض کو پیاس لگے پی لے۔
انشاء اللہ صحت ہوگی۔

(۵) یَامُسَبِّبُ سَبِّبْ یَاشَافِیْ اِشْفِ یَاکَافِیْ اِکْفِ یَامُفْلِحُ اَفْلِحْ یَامُفَرِّجُ
فَرِّجْ یَامُسَہِّلُ سَہِّلْ یَامُیَسِّرُ یَسِّرْ یَارَحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اِرْحَمْ
یَاذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ہ تین دفعہ پڑھ کر جس کو تپ ولرزہ کی شکایت ہو۔
بخار چڑھنے سے ایک گھنٹہ پہلے اس پر دم کردے۔ روزانہ ایسا ہی کرے انشاء اللہ
بہت جلد شفا ہو جائے گی۔

ہر قسم کے درد کے دور کرنے کے لیے وظیفے اور تعویذ

(۱) درود شریف تین دفعہ سورۂ مزمل سات دفعہ پڑھ کر جس کی کمر میں درد ہو اس پر
دم کردیا جائے۔ انشاء اللہ بہت جلد شفا حاصل ہو جائے گی۔ تا صحت روزانہ اسی
عمل کو کرنا چاہیے۔

(۲) آیت الکرسی ایک دفعہ پڑھ کر مریض پر روزانہ تا صحت دم کردیا جائے اور
چینی کی رکابی پر آیت الکرسی کو لکھ کر روزانہ اُسی کا پانی پلایا کرے۔ جگر کا درد، کمر کا
درد اور ہر قسم کا درد انشاء اللہ جاتا رہے گا۔ اختلاج قلب کے لیے آیت الکرسی
کا چینی کی تشتری پر زعفران سے لکھ کر پلانا بہت مفید ہوتا ہے۔

(۳) اللّٰہ اللّٰہ ننانوے ۹۹ دفعہ کسی کاغذ پر لکھ کر مریض کے پانی کے برتن میں
ڈال دے۔ ہر قسم کے درد کے واسطے، تپ ولرزہ کے واسطے مفید ہے انشاء اللہ
بہت جلد شفا حاصل ہوگی۔

(۴) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یاشافی یاکافی، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یَامُحِیْطُ یَاوَسِیْعُ
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یَاحَیُّ یَادَائِمُ گیارہ بار اول وآخر درود شریف گیارہ بار

پڑھ کر جس کی کمر میں درد ہو اُس پر دم کر دیا جائے انشاءاللہ بہت جلد درد کافور ہو جائے گا۔

(۵) یہ نقش معظم ہر قسم کے درد اور بخار کے واسطے مفید ہے۔ یہ تین دفعہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر بہتے ہوئے پانی میں ڈال دینا چاہیے۔ اور ایک تعویذ مریض کے دائیں بازو میں باندھنا چاہیے۔ صحت حاصل ہو گی۔

یا حیی	یا نور	یا رحیم
٧٨٦	٩٢	٣٦٧٠
یا کافی	اللہ	یا شافی

(٦) جو شخص کمر کے درد کے مارے بلبلا رہا ہو یہ نقش معظم لکھ کر اور سات دفعہ آیت الکرسی پڑھ کر اس پر دم کرے اور مریض کے گلے میں باندھ دے انشاءاللہ بہت جلد صحت ہو جائے گی۔ بعد صحت اس تعویذ کو آٹے میں لپیٹ کر چاہ ویران میں ڈال دینا چاہیے۔

(٧) آیت الکرسی کو بہ نیت ازالہ مرض کثرت سے پڑھنا۔ آیت الکرسی پڑھ کر کھانے پینے کی چیزوں پر دم کرنا ہر مرض سے محفوظ رکھتا ہے۔ اگر کھانے سے قبل اور کھانا کھانے کے بعد تین چٹکیاں نمک کی کھائی جائیں اور کھانا کھانے سے قبل یَا رَزَّاقُ ٧ مرتبہ یَا مُغْنِیُ ٧ دفعہ پڑھ لیا جائے تو انشاءاللہ کوئی مرض پاس نہ پھٹکے گا۔

چیچک کے دور کرنے کے تعویذ

(١) پہلے پانچ دفعہ اس تعویذ کی نقل کر کے آٹے کی گولی میں لپیٹ کر آب

روان میں ڈال دے پھر ایک نقل کر کے مریض کے گلے میں بندھوا دے۔ اس کے بعد جس کو ضرورت ہو صرف پانچ پیسے اس کی زکوٰۃ کے مقرر ہیں۔ انشاءاللہ صحت کامل ہو جائے گی۔

محمد — احمد

۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
یارحیم	یااللہ	ارحم
یابصی	کیبتس	اللہ

حمد — حامد

(۲) بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۸۳۱۴۰۳۷۳۰۱ ۱۲۳ ۸۳ ۱۱۱
۱۱۳۰۱ ۱۱۷ ۱۳۷۲۰۹ ۱۱۲۱۰ ۱۱۲۰ ۲۰۴۰ ۱۱۱ ع
۲۰۳۱ ل۳۰ ۴۸ ۱۶ ۱۶۱ ۱۱۷ ۱۱۱ ۱۱۲ ۱۱۲۴ ۱۱۷ م۱۱ عت
۱۱۶ ۱۱۳ رم ۲۱ رر ار۴ ۲۰ ل ع ۱۴ ۲۷ ۱۱۴ عہ
۸۱ ۹ ۴۱ ۲۱ ار ۱۱۳ ۱۱۱۸ عہ
۱۲ ۱۱ ۱۲۶ رر ۱۴ ۳ و ۳ ماہ ۱۱۲ ۱۴ ۱۴ عہ
۱۱۲۱ ۱۱ ۱۱ ۱۲۴ رر ۱۱ ۱۱۴ عہ ۱۱

یہ نقش معظم چیچک، طاعون، ہیضہ اور تمام وبائی امراض کے دور کرنے کے لیے اکسیر ہے۔ یہ نقش آداب و تکریم اور پاکی و طہارت کے ساتھ مکان کو خوشبودار کرنے کے بعد لکھنا چاہیے۔

آنکھوں کی بیماریوں کے دور کرنے کے وظیفے

(۱) دو رکعت نماز نفل پڑھنے کے بعد سورہ اخلاص گیارہ دفعہ اول و آخر درود شریف گیارہ دفعہ پڑھے، پھر اللہ الصمد ایک سو ایک دفعہ پڑھے ہاتھوں پر دم کر کے

آنکھوں پر پھیرے۔ اگر اس وظیفے کا معمول رکھا جائے گا تو آنکھ کی تمام بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ۔

(۲) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ایک سو ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ تین مرتبہ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ۔ پانچ مرتبہ، یا شافی اشف، یا رحیم ارحم، یا البصیر آنکھوں کو اچھا کردے، تین مرتبہ کہہ کر آنکھوں پر دم کرے اگر اس کا معمول کر لیا جائے تو عمر بھر کوئی آنکھوں کی بیماری لاحق نہ ہو یہ وظیفہ اور بیماریوں کے دور کرنے کے لیے بھی مفید ہے۔

طاعون کی بلا سے محفوظ رہنے کے وظیفے

(۱) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَاءِ وَالطَّاعُوْنِ وَمَوْتِ الْفُجَاءَةِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝

یہ دعا روزانہ تین دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور کاغذ پر لکھ کر گھر کے دروازہ پر چپاں کر دے، انشاء اللہ طاعون کی بلا سے اور تمام وبائی امراض سے حفاظت رہے گی۔

(۲) الٰہی بحرمتہ یملیخا، مکسلمینا، شلینا، برنوش، وبرنوشں، شرنوش۔ لیشعط، یونس، وَّ ثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ قطمیر وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ کو لکھ کر گھر میں نمایاں جگہ، یا مکان کے دروازہ پر چپاں کر دے انشاء اللہ طاعون وغیرہ اور اس قسم کی جملہ بلاؤں سے حفاظت رہے گی۔

❖

مرگی کے دور کرنے کے وظیفے

(۱) جس نابالغ لڑکے یا لڑکی کو یہ عارضہ ہو اُس کی ماں کے قد کے برابر اکتالیس تار نیلے کچے سوت کے لے کر اکتالیس دفعہ سورۂ مزمل پڑھے۔ ایک بار سورہ مزمل پڑھے اور اس پر دم کر کے ایک گرہ لگائے جب اکتالیس بار پڑھنے کے بعد یہ گنڈہ تیار ہو جائے تو اُس کو ایک کپڑے میں لپیٹ کر بچے کے گلے میں ڈالدے انشاء اللہ شفائے کلی حاصل ہو جائے گی۔ اگر لڑکے یا لڑکی کی ماں نہ ہو یا جوان آدمی کو یہ مرض لاحق ہو تو خود مریض یا مریضہ کے قد کے برابر ڈورا ناپنا چاہیے۔ اگر ماں ہو تو گنڈہ بچے کی ماں کے گلے میں باندھنا چاہیے۔

(۲) جو شخص مرگی کے دورہ میں مبتلا ہو گیارہ دفعہ آیت الکرسی پڑھ کر اُس پر دم کر دیا جائے تو اُس کو ہوش آجائے گا۔

زہر کا اثر دور کرنے کے لیے وظیفہ

(۱) اگر کسی شخص کو کسی دشمن نے زہر یا شیر کی مونچھ کا بال کھلا دیا ہو، تو اول درود شریف پھر اکتالیس دفعہ سورہ مزمل شریف پھر ایک دفعہ درود شریف پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے اُسے کھلا دیا جائے۔ انشاء اللہ آرام ہو جائے گا۔

چوہے گیدڑ وغیرہ سے حفاظت کا وظیفہ

(۱) اگر کسی کھیت یا مکان میں چوہے، کیڑے مکوڑے یا گیدڑ وغیرہ کی کثرت ہو اور کھیت والے یا مکان والے کو اُس سے سخت تکلیف ہو اور کھیت یا مکان کے خراب ہونے کا اندیشہ ہو تو اُس تکلیف سے نجات پانے کی یہ ترکیب ہے کہ

گائے کے چار سینگ لے کر ان کو اندر سے صاف کر کے اس میں روئی رکھے اور پھر الہٰی بحرمنہ یملیخا، یکسلمینا مثلینا، مرنوشش و برنوش شہرنوش یشعط یونس، وائم کلبہم قطمیر ایک کاغذ پر لکھ کر ان سینگوں میں رکھے اور پھر اوپر سے روئی رکھے اور ان سینگوں کو کھیت کے چاروں گوشوں پر یا مکان کے چاروں کونوں میں اُلٹا گاڑ دے انشاءاللہ بہت جلد یہ جانور ہلاک ہو جائیں گے، اور اُس کھیت یا مکان کو نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔ یہ عمل مہینہ کے شروع میں کرنا چاہیے تو بہت زیادہ مفید ہے۔

متفرق اوراد و وظائف

سورۃ مزمل کے وظیفے

جنات کو تابع کرنے کا وظیفہ

(۱) یَا اَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا نِّصْفَہٗ اَوِ انْقُصْ مِنْہُ قَلِیْلًا اَوْ زِدْ عَلَیْہِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ۝ اس آیت شریف کو اگر کوئی شخص آدھی رات کو جمعہ کی شب میں پڑھے گا خداوند تعالےٰ اس کی برکت سے بادشاہ جنات کو حاضر کرے گا اور جو کچھ اُس سے طلب کیا جائیگا وہ اُسے جان و دل سے پورا کریگا۔ یہ عمل نہا دھو کر کرنا چاہیے۔

بچہ پیدا ہونے کا وظیفہ

(۱) اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْکَ قَوْلًا ثَقِیْلًا۔ اس آیت شریفہ کو سات روز تک

رکابی پر رکھ کر اپنے پانی کے برتن میں ڈال دے۔ سات روز تک اسی عمل کو کیا جائے
انشاء اللہ عقیمہ عورت کا مرض زائل ہو جائے گا اور خداوند تعالےٰ اُسے اپنی قدرت
سے صاحب اولاد کر دے گا۔

دشمن کے مقہور ہونے کا وظیفہ

جو شخص مندرجہ بالا آیت شریفہ کو اتوار کے دن اکتالیس دفعہ پڑھ کر ایک کاغذ
پر دشمن کا نام لکھے اور کسی پرانی قبر میں دفن کر دے تو دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا۔

لڑکا پیدا ہونے کا وظیفہ

اِنَّ نَاشِئَةَ اللَّیۡلِ هِیَ اَشَدُّ وَطۡاً وَّاَقۡوَمُ قِیۡلًا ط اگر کسی عورت کے
بچہ نرینہ پیدا ہوتا ہو تو اس آیت شریفہ کو چاند کے ابتدائی ہفتہ میں سات دن تک روزانہ
لکھ کر پانی میں گھول دے اور زن عقیمہ یعنی بانجھ عورت کو پلائے۔ انشاء اللہ نرینہ
اولاد پیدا ہوگی۔

تنگی رزق کے دور ہونے کا وظیفہ

اِنَّ لَکَ فِی النَّهَارِ سَبۡحًا طَوِیۡلًا ط اگر کسی کو رزق کی تنگی رہتی ہو۔ چاہیے
کہ اس آیت کو روزانہ دس مرتبہ پڑھے۔ ایک مہینے کے اندر اندر وہ تنگی دور
ہو جائے گی۔

نامردی کے دور ہونے کا وظیفہ

جو شخص نامرد ہو یا اس کی قوت رجولیت کم ہو گئی ہو۔ اس آیت شریفہ یعنی

اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ط کو روزانہ رات کے وقت ایک ہزار دفعہ پڑھے۔ ایک ہفتہ بھی گذرنے نہ پائے گا کہ قدرتِ الٰہی کا ظہور ہو گا اور اُس کا مرض انشاء اللہ دور ہو جائے گا۔

ذہن کی ترقی کا وظیفہ

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ط جسے کند ذہنی کی وجہ سے علم کے حاصل کرنے میں دشواریاں پیش آتی ہوں۔ اُسے چاہیے کہ اس آیت کو ہر روز گیارہ بار پڑھ لیا کرے، ذہن کھل جائے گا۔ علم حاصل ہو گا اور دولت مندی نصیب ہو گی انشاء اللہ۔

مفلسی کے دور ہونے کا وظیفہ

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ٥ جو شخص اس آیت شریفہ کو تونگری حاصل ہونے اور مفلسی دور کرنے کی غرض سے پڑھے گا اللہ تعالےٰ بادشاہ جنات کو حکم دے گا کہ عامل کی خدمت میں حاضر ہو جو کچھ اُسے حکم دیا جائے گا وہ اُس کی تعمیل کرے گا۔

قید سے آزاد ہونے کا وظیفہ

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ط جو شخص اس آیت شریفہ کو ایک سو پچاس مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالےٰ اُسے قید سے رہائی عطا فرمائے گا۔ یہاں تک کہ اُس کے ہاتھ پیر کی زنجیریں خود بخود کھل جائیں گی۔ اگر قیدی کا کوئی قریبی عزیز وار قیدی کی طرف سے اس آیت کو اسی تعداد میں پڑھے گا

جب بھی قیدی کو آزادی حاصل ہو جائے گی۔

بدنصیبی دور ہونے کا وظیفہ

وَذَرْنِی وَالْمُكَذِّبِیْنَ اُولِی النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِیْلًا ۝ اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ میرا نصیبہ کھل جائے تو اسے چاہیے کہ اس آیت کو ہر روز بعد نماز عشاء سو دفعہ پڑھ لیا کرے۔ ایک مہینے بھی نہ گذرنے پائے گا کہ اللہ اُس کی قسمت کھول دے گا۔

کشائش رزق کا وظیفہ

اِنَّ لَدَیْنَا اَنْكَالًا وَّجَحِیْمًا وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِیْمًا ۝

جو شخص روزانہ اس آیت کو سو دفعہ پڑھے گا دنیا میں اس کا رزق فراخ ہو جائے گا قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا اور اُسے دوزخ کے عذاب سے نجات حاصل ہو گی۔

کھیتی کی حفاظت کا وظیفہ

یَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِیْبًا مَّهِیْلًا ۝

اگر کسی کی زراعت میں نقصان ظہور پذیر ہو یا درختوں کو کیڑا لگ جاتا ہو تو یہ آیت لکھ کر لگا دی جائے تو انشاء اللہ درختوں کو کیڑوں کی تباہی سے اور زراعت کو نقصان سے حفاظت حاصل ہو جائے گی۔

☆

جن بھوت کے دور ہونے کا وظیفہ

اِنَّا اَرْسَلْنَا اِلَیْکُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَیْکُمْ کَمَا اَرْسَلْنَا اِلٰی فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا اگر کسی شخص پر دیو پری جن بھوت شیطان کا اثر ہو تو اس آیت شریفہ کو پڑھ کر اُس پر دم کر دیا جائے اور لکھ کر مریض کے گلے میں باندھ دیا جائے۔ انشاءاللہ ان آفات سے نجات مل جائے گی۔

مصیبتوں سے آزاد ہونے کا وظیفہ

اگر چار سیر پانی اور ایک کاغذ پر فرعون، اور ایک کاغذ پر قارون اور ایک کاغذ پر ابلیس لکھ کر ایک دیگچہ میں ڈال دیا جائے اور دیگچہ کو چولہے پر رکھ کر آگ سلگا دی جائے اور ہزار دفعہ اُس آیت کو پڑھ کر اُس پر دم کیا جائے۔ انشاءاللہ مصیبتوں سے نجات مل جائے گی ۔جنوں کا بادشاہ حاضر ہو کر جو کچھ حکم دیا جائے گا۔ اس کی فرمانبرداری کرے گا۔

دشمن کو برباد کرنے کا وظیفہ

فَکَیْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ کَفَرْتُمْ یَوْمًا یَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِیْبَانِ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ کَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ط جو شخص اپنے دشمن کے گھر کو ویران اور اپنے دشمن کو پریشان کرنا چاہتا ہے اُسے چاہیے کہ کسی قسم کے سات پھول اپنے ساتھ لے کر اتوار کے دن قبرستان میں جائے اور ہزار بار اس آیت شریفہ کو پڑھ کر ان پھولوں پر دم کرے۔ ایک پھول اپنے پاس رکھے اور تین پھول دشمن کے مکان کی مشرقی جانب اور تین پھول مغربی جانب ڈال دے

انشاءاللہ ستر برس تک وہ گھر ویران اور برباد رہے گا۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ قَہَّارٌ
وَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ جَبَّارٌ وَالسُّلْطَانُ الْمُرْتَضٰی سَتَّارٌ۔ بھی ایک ہزار
دفعہ ضرور پڑھنا چاہیے۔

گم شدہ کے حاضر ہونے کا وظیفہ

اِنَّ ھٰذِہٖ تَذْکِرَۃٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰی رَبِّہٖ سَبِیْلًا ہ

اگر کوئی عزیز یا ملاقاتی گم ہو گیا ہو اور اُس کا پتہ نہ چلتا ہو تو اس آیت کو ایک ہزار دفعہ پڑھ کر چاروں طرف دم کر دینا چاہیے اور ایک کاغذ پر یہ آیت شریفہ لکھ کر یہ عبارت لکھے یا الٰہی بحرمۃ منزل فلاں بن فلاں زود تر حاضر گردد، فلاں بن فلاں کی جگہ گم شدہ کا نام لکھے، انشاءاللہ گم شدہ جہاں کہیں بھی ہوگا اس کا قدم آگے نہیں اٹھے گا۔ اور فوراً حاضر ہو جائے گا۔ یہ عمل ہر گم شدہ اور مفرور کے لیے کام دیتا ہے۔

محبت و تسخیر کا وظیفہ

اِنَّ رَبَّکَ یَعْلَمُ اَنَّکَ تَقُوْمُ اَدْنٰی مِنْ ثُلُثَیِ الَّیْلِ وَ نِصْفَہٗ وَ ثُلُثَہٗ وَ طَآئِفَۃٌ مِّنَ الَّذِیْنَ مَعَکَ وَاللّٰہُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّھَارَ ہ

جو شخص اس آیت شریفہ کو تین دن تک روزانہ پڑھا کرے گا، مخلوق خدا اُس پر مہربان ہو جائے گی، اگر اس آیت شریفہ کو اکتالیس دفعہ پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کیا جائے اور میاں بیوی کو وہ شیرینی کھلا دی جائے تو دونوں میں بے انتہا محبت ہوگی

ہر حاجت کے پورا ہونے کا وظیفہ

عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْہُ فَتَابَ عَلَیْکُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ط

آدھی رات کے بعد پہلے ایک ہزار دفعہ درود شریف پڑھنا چاہیے پھر اکتالیس دفعہ اس آیت شریفہ کو تلاوت کر کے دعا مانگنی چاہیے۔ انشاء اللہ جو مراد ایزد اقدس مانگی جائے گی وہ پوری ہوگی۔

دشمن کو ہلاک کرنے کا وظیفہ

عَلِمَ اَنْ سَیَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى وَ اٰخَرُوْنَ یَضْرِبُوْنَ فِی الْاَرْضِ یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَ اٰخَرُوْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنْهُ وَ اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ اَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا وَ مَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَیْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَیْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا وَ اسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ۝ اگر کوئی شخص دشمن کو ہلاک کرنا چاہتا ہے تو اُسے چاہیے کہ آٹے کا ایک پتلا بنائے اور یہ آیت ایک کاغذ پر لکھ کر اُس پتلے کے پیٹ میں داخل کر دے پھر اُسے کفن پہنائے اور دفن کر دے۔ یہ عمل اتوار کے دن کرنا چاہیے۔ ایک ہفتہ بھی گذرنے نہیں پائیگا کہ اُس کا دشمن ہلاک ہو جائے گا۔ اس کے بعد پھر اُس پتلے کو جس گڑھے میں دفن کیا ہے وہاں سے نکالے اور اُس کا آنت کاٹ ڈالے اس کا لڑکا مقہور ہو جائیگا دونوں ہاتھ کاٹ ڈالے اُس کے بھائی مصیبت میں پھنس جائیں گے۔ اُس کے پاؤں کاٹ ڈالے اس کی بیوی پریشانیوں میں مبتلا ہو جائے گی۔ یہ عمل جائز صورت میں کرنا چاہیے۔

پانچوں وقتوں کے وظیفے

صبح کی نماز کے وقت سنتوں اور فرضوں کے درمیان جو اکتالیس مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ آخر تک
پڑھے گا اس کی ہر مراد پوری ہو جائے گی۔ جو شخص فرضوں کے بعد یَا عَزِیْزُ یَا اللّٰهُ
ایک سو ایک دفعہ روزانہ پڑھا کرے گا اس کی عزت دوستوں اور بزرگوں میں بڑھ
جائے گی۔ جو شخص یَا فَتَّاحُ یَا کَافِیْ یَا غَنِیُّ یَا رَزَّاقُ ۹۹ دفعہ پڑھے گا اس
کے روزگار میں ترقی ہوگی۔

ظہر کی نماز کے وقت یَا کَرِیْمُ یَا اللّٰهُ ایک سو ایک دفعہ روزانہ پڑھنے
سے بڑی بڑی برکتیں حاصل ہوتی ہیں۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔
ایک سو دفعہ پڑھنے سے ہر قسم کی مشکلیں آسان ہوتی ہیں۔ پڑھ کر بیمار پر دم کر دے
تو انشاء اللہ صحت حاصل ہو جائے گی۔

عصر کی نماز کے وقت کے یَا جَبَّارُ یَا اللّٰهُ ایک سو ایک دفعہ پڑھنے
سے دشمن مغلوب ہوتا ہے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَالِصًا مُخْلِصًا ۵، مرتبہ تصور
مطلوب کر کے ساتھ پڑھنے سے مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہوتی ہے۔

مغرب کی نماز کے وقت یَا سَتَّارُ یَا اللّٰهُ ایک سو ایک مرتبہ پڑھنے
سے گناہ معاف ہوتے ہیں اور خدا کے غیر منقوطا اسماء پڑھنے سے مخلوق الٰہی
میں ہر دلعزیز بن جاتا ہے۔ غیر منقوطہ اسماء سے مراد جناب باری کے وہ نام ہیں
جن میں نقطے نہ ہوں جیسے وَدُوْدُ صَمَدُ۔ اَحَدُ وغیرہ اور لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
اَلْوَاسِعُ الْوَدُوْدُ ایک سو دس بار روزانہ بعد مغرب پڑھنے سے رزق میں
وسعت ہوتی ہے۔

عشاء کی نماز کے وقت یَا غَفَّارُ یَا اللّٰهُ ایک سو ایک مرتبہ پڑھنے
سے رزق میں تنگی نہیں ہوتی۔ لَا یُجَلِّیْهَا لِوَقْتِهَا اِلَّا هُوَ ۵ سو دفعہ پڑھنے سے
بڑی بڑی برکتیں اور نعمتیں حاصل ہوتی ہیں۔

آگ کے بجھ جانے کا وظیفہ

اگر کسی جگہ آگ لگ جائے تو سات پاک ٹھیکریاں لے اور الہٰی بحرمتہ یملیخا یکسلمینا مثلینا، مرنوش، دبرنوش، شہرنوش دبیشط، یونس وکالبہم کلبہم قطمیر سات سات مرتبہ پڑھے اور ایک ایک پر دم کرے اور آگ کی طرف پھینک دے۔ یہ سات ٹھیکریاں پھینکنے بھی نہ پائے گا کہ انشاء اللہ آگ کے بھڑکتے ہوئے شعلے سرد پڑ جائیں گے۔

نماز قضائے عمری کی ترکیب

جس شخص کی نماز قضا ہو گئی ہو اور یہ نہ معلوم ہو کہ کتنے دنوں کی نماز قضا ہو گئی ہے اُسے چار رکعت نماز نفل ایک سلام سے پڑھنی چاہیے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی سات دفعہ اور اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَر پندرہ مرتبہ پڑھے اور نماز کی نیت اس طرح باندھے نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ اللّٰہِ تَعَالٰی اَرْبَعَ رَکْعَاتِ تَکْفِیْہِ لِلْقَضَاءِ فَاتَ مِنِّیْ فِیْ جَمِیْعِ عُمْرِیْ صَلٰوۃ النَّفْلُ مُتَوَجِّھًا اِلَی الْقِبْلَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ اگر یہ عربی عبارت یاد نہ ہے تو اس طرح اردو کہہ لے۔ نیت کرتا ہوں چار رکعت نماز نفل کی جو میری تمام عمر کی فوت نمازوں کے بدلے کفایت کرے منہ میرا قبلہ کی طرف اللّٰہ اکبر سلام کے بعد سو دفعہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس پر درود شریف پڑھے پھر یہ دعا پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَللّٰھُمَّ یَا سَابِقَ الْفَوْتِ وَیَا سَامِعَ الصَّوْتِ یَا مُحْیِ الْعِظَامِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا مِمَّا اَنَا فِیْہِ

فَاِنَّكَ تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ، يَا وَاهِبَ الْعَطَايَا وَغَافِرَ الْخَطَايَا سُبُّوْحٌ يَا قُدُّوْسُ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ ۝ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيُّ الْاَعْظَمُ يَا سَتَّارَ الْعُيُوْبِ وَيَا غَافِرَ الذُّنُوْبِ وَيَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

قضائے عمری ادا کرنے کی دوسری نماز

جب آفتاب نکل آئے، دو رکعت نماز ادا کرنی چاہیے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔ اور دوسری رکعت میں قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ پڑھے اور سلام کے بعد آیت الکرسی سات دفعہ پڑھے پھر دوبارہ چار رکعت نماز کی نیت باندھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ ایک دفعہ قل ہو اللہ احد پچیس دفعہ جب نماز سے فراغت ہو تو لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ ستر دفعہ اور اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِى الْحَيَاتِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اکتالیس دفعہ پڑھے۔

محبت کا وظیفہ

وہ بادام جس میں دو گریاں ہو یا جائے اور تصور مطلوب کے ساتھ اُس پر گیارہ مرتبہ سورہ یٰسین شریف پڑھی جائے اور بعد میں بادام کی دونوں گریوں کو ملا دیا جائے پھر دونوں گریوں کو ایک ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر انار کی ٹہنی میں باندھ دیا جائے اور اس ٹہنی کے نیچے روزانہ تین دن تک سورۂ یٰسین کی تلاوت کی جائے پھر اس کے بعد محبوب کے محب اور دوست ہونے کے لیے دعا مانگی جائے۔ انشاءاللہ دعا مستجاب ہوگی۔

مصیبتوں کے دور ہونے کا وظیفہ

یَا شَفِیْقُ یَا رَفِیْقُ نَجِّنِیْ مِنْ کُلِّ ضِیْقٍ بِحُرْمَةِ اَبِیْ بَکْرِنِ الصِّدِّیْقِ رضؓ

بعد نماز عشا تین سو ساٹھ مرتبہ درود شریف اول و آخر گیارہ مرتبہ پڑھ کر عاجزی کے ساتھ دربارِ الٰہی میں دعا مانگی جائے۔ انشاءاللہ رنج و مصیبت کے پنجوں سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

جان و مال کی حفاظت کا وظیفہ

اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ مال کی حفاظت اور دشمنوں کے مکر و فریب سے محفوظ رہنے کے لیے تین سو ساٹھ دفعہ روزانہ بعد نماز عشاء پڑھنا چاہیے انشاءاللہ دشمن اور چور عاجز ہو جائیں گے۔

ادائے قرض کا وظیفہ

یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْتَدِیْ الْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ یَا کَبِیْرُہٗ جس قرض کے ادا ہونے سے نا امیدی ہو گئی ہو اور دن رات اُس کا فکر کھائے جاتا ہو اُس کی ادائے گی کے لیے، اس عمل کو عشاء کی نماز کے بعد سنت و وتر کے درمیان ایک سو ساٹھ بار پڑھنا چاہیے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھنا چاہیے لیکن یہ عمل شروع کرنے سے پہلے وتروں سے قبل اور فرضوں کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھنی چاہیے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ o تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَتُوْلِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ o پانچ دفعہ پڑھنا چاہیے۔ اس کے بعد وتر پڑھنے چاہئیں اور پھر عاجزی کے ساتھ دعا مانگنی چاہیے۔ انشاءاللہ بہت جلد قرض ادا ہو جائے گا۔

ختم خواجگان نقشبند رضوان اللہ تعالیٰ

برائے ہر حاجت

سورۂ فاتحہ سات دفعہ درود شریف سو دفعہ الم نشرح سو دفعہ سورۂ اخلاص

ایک ہزار دفعہ پھر یَا قَاضِی الْحَاجَات سو دفعہ یَا کَافِی الْمُہِمَّات سو دفعہ یَا دَافِعَ الْبَلِیَّات سو دفعہ یَا رَفِیْعَ الدَّرَجَات سو دفعہ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَات۔ سو دفعہ یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ سو دفعہ یَا اَللّٰہُ۔ سو دفعہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا مُحَمَّد سو دفعہ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن سو دفعہ۔ پھر سورۂ فاتحہ سات دفعہ درود شریف سو دفعہ پڑھے، پھر اس ختم کا ثواب حضرت خواجہ بہاؤالدینؒ حضرت خواجہ عبدالخالق غجدانی رحمۃ اللہ علیہ حضرت خواجہ یوسف ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت خواجہ علی رامتینی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت خواجہ عارف ریوگری رحمۃ اللہ علیہ حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت خواجہ بایزید بسطامی کی مقدس روحوں پر پہنچائے پھر مقدمہ کی فتح یابی، امتحان کی کامیابی، روزگار کی ترقی، قیدی کی رہائی معزول عہدہ پر دوبارہ تقرری، تجارت کی کامیابی، سفر میں فیروز مندی، حکام کی تسخیر، غرض یہ کہ جس کام کے لیے دعا مانگی جائے گی۔ وہ دعا، درگاہ الٰہی میں مستجاب ہوگی۔

دشمن کی بربادی کا وظیفہ

کُلُّ مَنْ عَلَیْہَا فَانٍ وَّیَبْقٰی وَجْہُ رَبِّکَ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۝

بارہ بارہ دفعہ بارہ کنکریوں پر پڑھ کر دم کرے یعنی ایک کنکری پر بارہ دفعہ پڑھے اور دشمن کی دیوار پر مارے، بارہ دن تک متواتر یہی عمل کرنا چاہیے۔ انشاء اللہ دشمن عاجز ہو جائے گا۔

کشائش رزق کا وظیفہ

یٰسٓ۔ یٰسٓ بحق یٰسٓ صلی اللہ علیہ وسلم بحق یٰسٓ اس طرح

سے یٰسین شریف روزانہ تین دفعہ پڑھنا شروع کرے اور جب مُبِیْن پر پہنچے تو سات دفعہ اِذَا جَاءَ پڑھے، جب تک رزق میں کامل فتوحات نہ ہو، اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ امید سے زیادہ فتوحات حاصل ہوگی۔

ہر حاجت کے پورا ہونے کا وظیفہ

اول درود شریف تین دفعہ پڑھے پھر یٰسین شریف اس ترکیب سے یٰسین یٰسین صلی اللہ علیہ وسلم یحییٰ یٰسین جب سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ تک پہنچے تو تین دفعہ اس آیت سے پہلے درود شریف پڑھے اور ستر دفعہ اس آیت کو پڑھے پھر تین دفعہ درود شریف پڑھے اور دعا مانگے، پھر تمام سورہ ختم کرکے تین دفعہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تمام مرادیں پوری ہو جائے گی۔

مخلوقات کو مسخر کرنے کا وظیفہ

اول و آخر یہ درود شریف تین دفعہ پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ پھر یٰسین شریف شروع کرے جب پہلی مبین پر پہنچے تو پھر شروع سے یٰسین شریف پڑھے پھر دوسری مبین تک پڑھ جائے پھر اول سے یٰسین شریف پڑھے اور تیسری مبین تک پڑھ جائے۔ پھر اول سے شروع کرے اور چوتھی مبین تک پڑھ جائے پھر اول سے شروع کرے اور پانچویں مبین تک پڑھے پھر اول سے شروع کرکے چھٹی مبین تک پڑھ جائے پھر اول سے شروع کرے ساتویں مبین تک پڑھ جائے روزانہ گیارہ دن تک تصور مطلوب کے ساتھ اسی طرح پڑھے۔ انشاء اللہ جس کو چاہے گا وہ تابعدار ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

دُعائے حیدری

یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ ؕ وَیَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ ؕ وَیَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ ؕ وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ ؕ وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ ؕ وَیَا مُفَرِّجَ الْمَحْزُوْنِیْنَ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ یَا رَبِّ قَضَیْتُ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ یَا رَزَّاقُ یَا فَتَّاحُ یَا بَاسِطُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ہ اَللّٰھُمَّ اَکْشِفْ عَلَیَّ حَقَائِقَ الْاَشْیَاءِ کَمَا ھِیَ اَنْتَ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ہ تین دفعہ پڑھے اور زمین کی طرف نظر رکھے، سُبْحٰنَ الْمَلِکُ الْمُبِیْنُ حَقٌّ حَقٌّ حَقٌّ یَا اللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فِعَالِہٖ یَا اَللّٰہُ (تین دفعہ کہے اور آسمان کی طرف نظر رکھے، پھر بلند آواز سے حَقٌّ حَقٌّ حَقٌّ کہے پھر یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ (تین دفعہ کہے)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِی الصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ کَمَا اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الْجَلِیْلِ الْجَبَّارِ الْقَاھِرِ الْقَھَّارِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاھِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَاءِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔ یَا حَیْدَرُ۔ یَا حَیْدَرُ یَا حَیْدَرُ یَا اَبَا تُرَابٍ یَا عَلِیُّ یَا اَسَدَ اللّٰہِ یَا وَلِیَّ اللّٰہِ یَا رِجَالَ اللّٰہِ یَا مَقْبُوْلُ

لہ ہر کام کے لیے یا بدیع کہے اور کشائش رزق کے لیے یا رزاق کہے۔

سلہ یہاں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی صورت مبارک کا تصور مثل قرص آفتاب کے کرے۔

اللّٰہِ یَا مَحبُوبَ اللّٰہِ یَا ظَهُوْرَ اللّٰہِ یَا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ بِالْقَهْرِ[۱] رَبِّ
اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ یَا حَقُّ یَا حَقُّ تَحَقَّقْتَ بِالْحَقِّ وَالْحَقُّ فِیْ حَقِّكَ
یَا حَقُّ[۲] یَا فَتَّاحُ یَا فَتَّاحُ یَا فَتَّاحُ یَا قَادِرُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ
یَا وَاللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَا عَظِیْمُ
تَعَظَّمْتَ بِالْعَظَمَۃِ وَالْعَظَمَۃُ فِیْ عَظَمَۃِ عَظَمَتِكَ[۳] یَا عَظِیْمُ یَا رَبُّ
یَا قَدِیْرُ یَا قَدِیْرُ یَا قَدِیْرُ یَا خَالِقُ یَا کَرِیْمُ یَا رَحِیْمُ یَا مُسَخِّرَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا یَا عَلِیْمُ یَا یُحْیِیْ یَا مُمِیْتُ یَا مُتَکَبِّرُ یَا ضَارُّ یَا
جَلِیْلُ الْمُتَکَبِّرُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُہٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُہٗ یَا جَلِیْلُ
یَا جَلِیْلُ یَا جَلِیْلُ حَسُوْدِیْ مَقْهُوْرٌ وَعَدُوِّیْ مَقْتُوْلٌ[۴] بِقَهْرِكَ یَا قَهَّارُ
تَعَهَّرْتَ بِالْقَهْرِ فِیْ قَهْرِكَ یَا قَهَّارُ یَا قَهَّارُ یَا قَهَّارُ ۔ قَهْرِ اَعْدَائِیْ[۵]
یَا جَبَّارُ یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ یَا عَنِیْدُ بِقَهْرِ سُلْطَانِہٖ یَا عَنِیْدُ بِقَهْرِ عَزِیْزِ
سُلْطَانِہٖ یَا مُذِلُّ یَا نَقِیًّا مِنْ کُلِّ جَوْرٍ لَمْ یَرْضَہٗ وَلَمْ یُخَالِطْہُ
فَعَالُہٗ یَا نَقِیُّ قَتَلْتُ[۶] بِسَیْفِ اللّٰہِ لِاِیْلَافِ قُرَیْشٍ اِیْلَافِهِمْ رِحْلَۃَ
الشِّتَاءِ وَالصَّیْفِ[۷] وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی یَا قَوِیُّ

---

[۱] یہاں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا تصور شیر کی صورت کرے اور خیال کرے کہ آپ دشمن پر حملہ آور ہو کر اس پر فائق و غالب آگئے۔

[۲] یہاں دشمن کو باطل تصور کرے ۱۲۔

[۳] یہاں اپنی عظمت کا خیال کرے۔

[۴] یہاں اپنے دشمن کی ہلاکت و ذلت کا تصور کرے ۱۲۔

[۵] یہاں تین دفعہ زمین پر ہاتھ مارے ۱۲

[۶] اس جگہ عزرائیل کا تصور کرے ۱۲۔ [۷] یہاں دشمن کو ذلیل و خوار تصور کرے ۱۲۔

يَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِىْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَا قَاهِرُ اَقْهَرْ وَادْفَعْ اَعْدَائِىْ مِنْ قَهْرِكَ وَاَنْتَ اَشَدُّ الْقَاهِرِيْنَ حَقٌّ حَقٌّ حَقٌّ يَا حَمِيْدَ الْفَعَالِ ذَا الْمَنِّ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ يَا حَمِيْدُ يَا غِيَاثِىْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ وَمُجِيْبِىْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ وَمَعَاذِىْ عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ وَرَجَائِىْ حِيْنَ تَنْقَطِعُ حِيْلَتِىْ يَا غِيَاثِىْ نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِى النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ سَيَنْجَلِىْ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ وَلَوْلَا يَتِكَ يَا عَلِىُّ يَا عَلِىُّ ۔

دشمن کو مقہور کرنے۔ دنیا میں با عزت رہنے، دوسرے کو مسخر کرنے، مشکلوں سے نجات حاصل کرنے، مفلسی سے محفوظ رہنے کے لیے اور نیز ہر قسم کی حاجتوں کے پورا ہونے کے لیے یہ دعا اکسیر ہے۔ روزمرہ کوئی وقت مقررہ کر کے اسے جمعرات جمعہ یا دوشنبہ سے شروع کرنی چاہیے۔ اگر دشمن کو مقہور کرنے کے ارادہ سے اسے پڑھا جائے تو روز یکشنبہ سے شروع کیا جائے، شروع کرنے سے پہلے حسب استطاعت شیرینی منگا کر پہلے نیاز دلا دینی چاہیے۔

کشایش رزق کے لیے وظیفہ

بعد نماز جمعہ آیت الکرسی تین بار الحمد شریف سات بار معوذتین ۷ بار پڑھے اور پھر اَللّٰهُمَّ يَا غَنِىُّ يَا سَيِّدِىْ يَا سَعِيْدُ يَا رَحِيْمُ يَا وَدُوْدُ اَغْنِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ تین بار پڑھے۔

جو اس وظیفہ کو معمول کے طور پر روزانہ پڑھے گا غیب سے اس کی روزی کا سامان ہو جائے گا۔

☆

اسم اعظم کا وظیفہ

ہر حاجت کے لیے

بسم اللہ شریف تین دفعہ، الحمد شریف تین دفعہ درود شریف تین دفعہ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔ سات دفعہ درود شریف تین دفعہ آمین گیارہ مرتبہ پڑھے جس مقصد کے واسطے دعا مانگے گا پوری ہو جائے گی۔ اَسْئَلُکَ پڑھتے وقت اپنے مطلب کا تصور دل میں کر لینا چاہیے۔

معزول ہونے کے بعد برقرار ہونے کا وظیفہ

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ تین دفعہ درود شریف گیارہ مرتبہ یَا عَظِیْمَ السُّلْطَانِ یَا قَدِیْمَ الْاِحْسَانِ یَا دَائِمَ النِّعَمِ یَا بَاسِطَ الرِّزْقِ یَا وَاسِعَ الْعَطَا یَا دَافِعَ الْبَلَا۔ یَا حَاضِرًا لَیْسَ بِغَائِبٍ یَا مَوْجُوْدًا عِنْدَ الشَّدَائِدِ یَا خَفِیَّ اللُّطْفِ یَا لَطِیْفَ الصُّنْعِ یَا حَلِیْمًا لَا یَعْجَلُ اقْضِ حَاجَتِیْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ٥ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھنے سے آدمی عہدہ سے معزول ہونے کے بعد دوبارہ برقرار ہو جاتا ہے اور کھوئی ہوئی عزت اسے حاصل ہو جاتی ہے۔

دینی و دنیاوی ترقی حاصل کرنے کا وظیفہ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ وَاَعُوْذُ بِاسْمِكَ الْمَخْزُوْنِ الْمَکْنُوْنِ السَّلَامُ الْمُنْزِلُ الْقُدُّوْسُ الْمُطَھَّرُ الطَّاھِرُ یَا دَھْرُ یَا دَیْھُوْرُ یَا دَیْھَارُ یَا اَزَلُ یَا اَبَدُ یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ یَا ھُوَ تین تین بار یَا مَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ یَا مَنْ لَّمْ یَعْلَمْ یَا ھُوَ اِلَّا ھُوَ یَا کَانُ یَا کَیْنَاتُ یَا رُوْحُ یَا ھُوَ تین مرتبہ روزانہ بعد نماز ظہر پڑھنے سے دین و دنیا دونوں میں ترقی حاصل ہوتی ہے۔

مقبول خلائق ہونے کا وظیفہ

درود شریف تین مرتبہ قُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ تین مرتبہ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ پانچ مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ وَسَلَّمْتَ وَبَارَکْتَ وَرَحِمْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ تین مرتبہ روزانہ پڑھنے سے آدمی مقبول خلائق ہو جاتا ہے۔

بلاؤں کے دور ہونے کا وظیفہ

دَفَعْتُ بِاَمْرِ اللّٰہِ تَعَالٰی کُلَّ بَلَاءٍ وَّقَضَاءٍ یَّجِیْءُ مِنْ ھٰذِہِ الْجِھَاتِ (سیاں اوپر نیچے دائیں بائیں طرف اشارہ کرے) اَلسِّتِّ تَاَمَّنْ بِاِذْنِ اللّٰہِ مِنْ جَمِیْعِ الْاٰفَاتِ وَالْعَاھَاتِ روزانہ کثرت کے ساتھ پڑھنے سے بلائیں

دور ہوتی ہیں ۔ ہر نماز کے بعد اس کے پڑھنے کا وقت مقرر کرلینا چاہیے ۔

ہر حاجت کے پورا ہونے کا وظیفہ

(۱) بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۰ ایک دفعہ درود شریف ایک دفعہ یَا سَمِیْعُ یَا عَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ اِسْمَعْ دُعَائِیْ بِخَصَائِصِ لُطْفِکَ آمِیْنَ آمِیْنَ آمِیْنَ ۰ تین دفعہ پڑھنے کے بعد جس مقصد کے لیے دعا کی جائے گی قبول ہوگی ۔

(۲) حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۔ گیارہ دفعہ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۰ گیارہ دفعہ اول و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھنے سے جس مقصد کے لیے دعا مانگی جائے گی ۔ انشاء اللہ تعالے ضرور قبول ہوگی ۔

مرگی کے دور کرنے کا وظیفہ

(۱) یَا عَلِیْمُ غَیْرَ مَغْلُوْبٍ یَا صَانِعُ غَیْرَ مَصْنُوْعٍ یَا قَاھِرُ غَیْرَ مَقْھُوْرٍ یَا حَافِظُ غَیْرَ مَحْفُوْظٍ یَا نَاصِرُ غَیْرَ مَنْصُوْرٍ یَا شَاھِدُ غَیْرَ شَھِیْدٍ سُبْحَانَکَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنَا مِنَ النَّارِ لکھ کر مرگی کے مریض کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ دور ہو جائے گا ۔

(۲) یَا قَھَّارُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَا قَاھِرُ تانبے کی پتری بنا کر ایک طرف یہ عمل لکھے ، دوسری طرف یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَھْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِہٖ یَا مُذِلُّ لکھے یہ عمل پتری پر کندہ کرا کے مریض یا مریضہ کے گلے میں ڈال دے لیکن یہ عمل اتوار کے دن طلوع آفتاب

کے بعد لکھنا چاہیے، انشاء اللہ صحت کامل حاصل ہو جائے گی۔

(۳) یَا قَاهِرُ، فَاطْمِسْ عَلٰی وُجُوْهِ اَعْدَآئِنَا یَا قَاهِرُ۔ بغیر بسم اللہ کے ایک کاغذ پر لکھ کر مریض کے بائیں بازو پر باندھ دینا چاہیے۔ انشاء اللہ مرض مرگی جاتا رہے گا۔

یہ طلسم بروز یکشنبہ وسہ شنبہ سکورہ آب نارسیدہ پر لکھ کر سات مرتبہ سر سے پاؤں تک مریض پر اتارے اور آتش بے دود یعنی کوئلوں کی آگ میں چھوڑ دے۔ تھوڑے عرصے کے بعد چراغ کو آگ سے نکال کر دیکھے اگر حروف سفید نظر آئیں آسیب جن معلوم کرے۔ اگر حروف سُرخ ہوں تو آسیب چڑیل و جوگنی کلب سمجھے اگر حرف غائب ہو جائیں تو آسیب دیو کا متصور ہے۔ اگر حرف اصلی رہیں تو بیماری بدنی و عارضہ جسمانی تصور کرے۔ طلسم یہ ہے۔

مصلصلہ ط ۱ ۳ ۱۱ ۵ ۲ ع ۳۱ ۴ ۶ ۲۹ ۱۱ ۱۴ ۳ طلواس

مرادات دنیوی کے واسطے

یہ نقش ۳۴ کا

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

واسطے کشائش کار دنیوی کے بہت مؤثر اور آزمودہ ہے چاہیے کہ ہم نقش ہر روز

علی الصباح بطہارت تمام ۳۴ روز تک لکھ کر کنوئیں میں چھوڑے بعد ازاں ۶ نقش ۱۶ روز تک لکھ کر چاہ انداز کرے اس کے بعد چار نقش بطور زکوٰۃ کے لکھ کر کنوئیں میں چھوڑتا رہے۔ اگر صدق دل سے یہ عمل کرے درمیان دو مہینے کے دلی مراد حاصل ہو عروس مراد سے لا کلام متواصل ہو۔

استخارہ نظام الدین رح اولیاء

ترکیب استخارہ از حضرت نظام الدین اولیاء بعد طہارت اور وضو کے ہزار بار لا الہ الا اللہ پڑھے اور اس مثلث کو سرہانے رکھے اور جو کچھ کہ مدعا ہے اس پر خیال کرکے سو رہے اور عدد اکیاون سے عمل تحریر کرے نقش یہ ہے۔

۵۶	۵۱	۵۸
۵۷	۵۵	۵۳
۵۲	۵۹	۵۴

تلوار کا وار باندھنے کے واسطے

واسطے بستہ کرنے شمشیر کے یہ تعویذ لکھ کر بطور امتحان بز بز کی گردن میں باندھے اور تلوار کا وار کرے ہرگز خطا نہ کرے۔ ۱۱ ھ ۱۱۷ ۱۹۱ حم ۵ ۱۱۹۱۷ ۱۱۱ ۱۹ ھ د۔

آدھے سر درد کے واسطے

بیس کا نقش روز لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر چالیس روز دریا میں ڈالے عامل ہو جائے پھر دفع درد نیم سر کے واسطے مجرب ہے اگر لکھ کر سر میں باندھے درد دفع ہو جائے گا نقش یہ ہے۔

۵	۶	۷	۲
۷	۲	۵	۶
۲	۷	۶	۵
۶	۵	۲	۷

نظر بد سے بچنے کے واسطے

اگر یہ نقش بھوج پتر پر لکھ کر جس کسی کے گلے میں یا بازو پر باندھے ہرگز کبھی

نظر نہ لگے گی۔

٣٥	١٠	١٨	٧
١٨	٧	٣٥	١٠
٧	١٨	١٠	٣٥
١٠	٣٥	٧	١٨

زیادتی مال و دولت کے واسطے

یہ نقش افزونی مال و دولت کے واسطے کھدوا کر انگوٹھی میں پاس رکھے بفضل ایزد متعال مال و منال سے خوش حال رہے۔ --------

دفع جن و شیطان کے واسطے

یہ نقش ہشت در ہشت سورۃ قل ہو اللہ احد

ح ٨	و ٦	د ۴	ب ٢
ب ٢	د ۴	و ٦	ح ٨
و ٦	ح ٨	ب ٢	د ۴
د ۴	ب ٢	ح ٨	و ٦

یلد	لم	الصمد	اللہ	احد	اللہ	ھو	قل
ولم	یلد	لم	الصمد	اللہ	احد	اللہ	ھو
یولد	ولم	یلد	لم	الصمد	اللہ	احد	اللہ
ولم	یولد	ولم	یلد	لم	الصمد	اللہ	احد
یکن	ولم	یولد	ولم	یلد	لم	الصمد	اللہ
لہ	یکن	ولم	یولد	ولم	یلد	لم	الصمد
کفواً	لہ	یکن	ولم	یولد	ولم	یلد	لم
احد	کفواً	لہ	یکن	ولم	یولد	ولم	یلد

واسطے دفع جن و شیطان کے تین روز لکھ کر پلائے۔

محبت کے واسطے

حب کے واسطے یہ نظیر ہے چاہیے کہ روز سہ شنبہ کو سات مرتبہ یہ آیت شریف نمک پر پڑھ کے آگ میں ڈالے اور نام اپنا مع والدہ و نام مطلوب مع والدہ زبان پر لائے۔ اسم یہ ہے

قُلْ عَلَیْھَا الَّذِیْنَ تُوْعَدُوْنَ۔

ایضاً: اگر کوئی شخص چاہے کہ محبوب مائل ہو تو لائے انوار یا منگل کو ایک لکڑی انجیر کی اور مادہ سگ کو اسی لکڑی سے مارے پھر اس لکڑی کو جلائے جبکہ وہ لکڑی راکھ ہو جائے تو اپنے پیشاب میں اس راکھ کو ملا کر گولیاں بنائے اور بروز منگل ایک گولی جس پر مارے وہ فریفتہ ہوگا۔

حاملہ ہونے کے واسطے

نقل ہے امام ناطق جعفر صادقؓ سے کہ جو عورت سورہ نون کو زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے جلد حاملہ ہو جائے۔

دیگر: اس دعا میں یہ تاثیر ہے کہ عورت کے پاس رکھنے سے حاملہ ہو اور جس درخت میں لکھ کر باندھیں جلد بار آور ہو جائے مگر ہر نوچندی جمعرات کو لوبان سے دھونی دے کر عمل کرنا واجب ہے اور وہ دعا یہ ہے ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ حی حی حی حی حی حی حی حی قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

زیادتی دودھ کے واسطے

یہ آیت سات مرتبہ نمک پر پڑھ کر دم کرے اور عورت کو کسی غذا میں کھلائے۔ بفضل خدا دودھ اس قدر زیادہ ہوگا کہ چار لڑکے پلیں گے اور آسودہ ہوں گے تو بھی دودھ کم نہ ہوگا۔ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰہُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ۔

فتوح غیب کے واسطے

یہ اسم معظم وقت نیم شب کے ہر روز پڑھے فتوح غیب حاصل ہوگا۔ بِسْمِ اللّٰہِ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ بعدازاں اسم یَا عَزِیْزُ ایک ہزار ایک سو مرتبہ کہہ کر گیارہ دفعہ یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ ورد زبان کرے۔ اگر ایک چلہ بطہارت و پاکیزگی یہ عمل میں لاوے کامل ہو جائے۔

خواب بندی کے واسطے

اگر اس تعویذ کو بروز پنجشنبہ بعد نماز صبح لکھ کے مسجد خرابہ یا خانہ مطلوبہ میں دفن کرے خواب مطلوب کا بستہ ہو یعنی جب تک کہ طالب کے پاس مطلوب نہ آئے۔ مطلوب بے قرار رہے اور نیچے تعویذ کے اپنا نام اگر مرد ہو تو نام مع والدہ کے اور نام مطلوب کا اگر عورت ہو مع والدہ اور اس کے لکھے اس طرح

المستقیم	[illegible]
الصراط	ما
نا	[illegible]
اهد	[illegible]

نستعین

ہے کہ فلاں بن فلاں بستم خواب فلاں بنت فلاں علی حب فلاں بن فلاں بستہ گردد۔

ایضاً:۔ جو اس نقش کو بروز یکشنبہ وصوفی لوبان کی دے کر گوشہ زمین میں دفن کرے اور اس پر میخ آہنی گاڑ دے اور زیر زمین دفن کرے اور اس پر میخ آہنی کر خواب و آرام فلاں بن فلاں یا بنت فلاں کا بستہ ہو اور مبتلائے میرا یا میری ہو کر بے قرار رہے۔ نقش یہ ہے۔

ع ع ع	ے ع ع	سہ سہ	صح صح	مطوع
ع مسیح	مجمح مجمح مجمح	مر مر م	۸۲۴	
۷۷	۵۴۹	۹ صد صد		

چور بتلانے کے واسطے

اگر سائل پوچھے کہ چیز چوری گئی ہے چور عورت ہے یا مرد۔ چاہیے کہ اعداد نام سائل مع اعداد اس یوم کے جمع کر کے دو جگہ طرح دے اگر ایک رہے چور مرد ہے اگر دو رہیں تو عورت۔

ایضاً:۔ اگر سائل پوچھے کہ چور خانگی ہے یا غیر چاہیے کہ اعداد نام سائل

مع اعداد روز جمع کر کے تین تین طرح دے اگر ایک رہے تو چور ہمسایہ تصور کرے اور اگر دو رہیں تو کوئی شخص اسی گھر کا ہے۔ اگر تین رہیں تو غیر شخص نے مال چرایا ہوگا۔

الیضاً۔ اگر سائل پوچھے کہ فلاں عورت مجھ سے محبت رکھتی ہے یا نہیں۔ اسی طرح اعداد اسم سائل اور اعداد اُں روز جمع کر کے تین جگہ طرح دے اگر ایک رہے تو اپنے شوہر کو دوست رکھتی ہے اگر دو رہیں تو عفت کو عزیز جانتی ہے اگر تین رہیں تو مرد غیر کو چاہتی ہے۔

غالب و مغلوب کے دریافت کے واسطے

اگر سائل پوچھے کہ فلاں شخص مجھ سے خصومت رکھتا ہے اس پر ظفر یاب ہوں گا یا نہیں۔ بحساب ابجد اعداد نام سائل و اعداد اسم روز جمع کر کے دو جگہ طرح دے۔ اگر ایک رہے دشمن پر ظفر یاب ہو۔ اگر دو رہیں تو دشمن بالا ظفر یاب ہو۔

دریافت خبر راست و غلط کے واسطے

اگر سائل پوچھے کہ فلاں شخص یہ خبر لایا ہے راست یا دروغ۔ اعداد نام سائل و اعداد نام اُں روز جمع کر کے دو جگہ طرح دے اگر ایک رہے خبر باطل ہے اگر دو رہیں تو سچ سمجھنا چاہیے۔

گھوڑے اور گھوڑے کے سوار کے واسطے

یہ دعائیں واسطے راکب و مرکوب یعنی بروقت سوار ہونے گھوڑے کے بہت مفید ہیں۔ منظومہ

ہے منزہ کلامِ ربانی	دافع ہر بلائے جسمانی
بھاگے شیطان اس کی برکت سے	ہرگز رد یو کا نہ ہیبت کا
اک روایت میں یہ لکھا دیکھا	کہ علی مرتضےٰ نے فرمایا

تھا گلے میں یہ نقش دلدل کے — کوئی آتی نہیں بلا اس سے

فرس اور فارس اس کا ہو محفوظ — دونوں حرمت سے اسکے ہوں محفوظ

اب اسی نقش کا ہے یاں مسطور — ذیل ابیات میں بچشم حضور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لعہ	اللہ	فتح	سح	سہ	د	دب
هو	سر	ھر	صح	حج	سہ	کو
لعہ	صح	سہ	با	ح	ر	لا
د ط	۷۷	د م	محصر	لو	ع	لا
طعہ	ے	ط	لہ	ر	لا	لا
و	و	د	ع		لا	ح
ا	لا	وح	سہ	لعہ	ط	ح
یابادیٔ	یارحیم	یامنان	یاحنان	بادیان	یاسبحان	یاسلطان

ہو فرس کے خنام یا کمنام — یا کہ بدنام ہو بخشتم کلام

کر رقم اس دعا کو کاغذ پر — باندھ گردن میں اس کو اے دلبر

اور جو پہلے سے یہ حمائل ہو — کچھ ضرر اس کو پھر نہ حائل ہو

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرزت احرزت بعزت اللہ العزیز الحکیم نخن حم عسق یٰس والقرآن الحکیم ایضاً الا الی اللہ تصیر الامور

اور یہ مرقوم ہے بحصن حصین — ہو نظر کا خلل جسے بے کین

پڑھ کے گردے کے دعا یہ اس پر دم — جس کو کرتا ہوں میں بیاں یہ رقم

پڑھ کے کر چار بار دم خوش خو — ناک کے داہنے پردہ میں تو

ایسے ہی تین بار پڑھ دم کر　　　جانب چپ بھی اے ستودہ سیر

لا باس اذھب الباس رب الناس واشف انت الشافی لا یکشف الضر الا انت

چہل کاف

چہل کاف کے اسناد لکھنے کی اس نسخہ مختصر میں گنجائش نہیں ہر ایک امر میں مفید ہے، قرأت اس کی صبح و شام کیا کرے کر جملہ مطالب دنیوی و اُخروی حاصل ہوں گے، ہم نے چہل کاف کو بہت مجرب پایا ہے۔

کَفَاکَ رَبُّکَ کَمْ یَکْفِیْکَ وَاکِفَۃً

کِفْکَافُہَا کَکَمِیْنٍ کَانَ مِنْ کَلَکَا

تَکُرُّ کَرًّا کَکَرِّ الْکَرِّ فِیْ کَبَدٍ

تَحْکِیْ مُشَکْشَکَۃٍ کَلَکٍ لَکَ الْکَلِکَا

کَفَاکَ مَابِیْ کَفَاکَ الْکَافُ کُرْبَتَہٗ

یَا کَوْکَبًا کَانَ یَحْکِیْ کَوْکَبَ الْفَلَکَا

بسم اللہ کے فضائل اور منافع کے بیان میں

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کام بسم اللہ سے شروع نہ کیا جائے وہ بے برکت ہے اور بھی آپؐ نے فرمایا کہ جس دعا کے آگے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہو وہ قبول ہوتی ہے۔

دفع دردسر

بہ برکت بسم اللہ روایت ہے کہ بادشاہ روم نے کہ نصاریٰ تھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ مجھے دردسر ایسا رہتا ہے کہ کبھی افاقہ نہیں ہوتا کوئی دوا مجھے بھیج دو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک ٹوپی اس کے پاس بھیج دی۔ جب اس ٹوپی کو سر پر رکھتا تو دردسر تھم جاتا اور وہ ٹوپی

سر سے اتارتا پھر درد سر ہونے لگتا اس کو تعجب ہوا ٹوپی کو ادھیڑ کر دیکھا تو اس میں بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لکھی پائی اور کچھ نہیں۔ اُس نے کہا کہ کیا اچھا دین ہے کہ جس کی ایک آیت سے مجھے اللہ تعالےٰ نے شفا دی۔

عدم تاثیر زہر ببرکت بسم اللہ

روایت ہے کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے زہر قاتل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہہ کر پی لیا اور کچھ اثر نہ ہوا اور وہ کافر جو زہر لائے تھے مسلمان ہو گئے۔

دفع بخار ببرکت بسم اللہ

فقیہ احمد مازنی کو بخار شدید لاحق ہوا انہوں نے اپنے استاد حضرت عمرو بن سعید سے کہ ان کے گھر میں تشریف لائے تھے حال بیان کیا انہوں نے ایک تعویذ لکھ دی اور کہا کہ کھول کر مت دیکھو۔ کہتے ہیں کہ میں نے وہ تعویذ باندھا فوراً میرا بخار جاتا رہا اس کے بعد میں نے تعویذ کھول کر دیکھا اس میں لکھا تھا بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ میرے دل میں کچھ آیا یعنی کہ میں سمجھا تھا کہ کچھ عجیب و غریب نئی دعا ہوگی۔ بسم اللہ کو بسبب کثرت استعمال کے اتنا نہ سمجھا کہ اس سے ایسا عجیب اثر ظاہر ہو پھر مجھے بخار آیا اور تعویذ نے اثر نہ کیا۔ میں حضرت استاد کے پاس گیا اور حال بیان کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ تم نے تعویذ کھول کے دیکھا ہوگا۔ میں نے کہا ہاں۔ انہوں نے اور تعویذ لکھ دیا اور اپنے ہاتھ سے میرے بازو پر باندھ دیا اور کہا کہ اس تعویذ کو مت دیکھنا۔ میرا بخار اسی وقت جاتا رہا۔ چند روز کے بعد میں نے اس کو بھی کھول کے دیکھا۔ اس میں بھی سوائے بسم اللہ کے کچھ نہ لکھا تھا پھر مجھے بخار آیا اور تعویذ نے نفع نہ کیا میں نے حضرت استاد کے حضور عرض کی کہ میں نے توبہ کی پھر ایسا کام نہ کروں گا اور مجھے تعویذ لکھ دیجیے حضرت نے اور تعویذ لکھ کے باندھ دیا۔ اور بخار فوراً جاتا رہا۔ پھر میں نے اس تعویذ کو ایک برس کے بعد کھول کر دیکھا تو اس میں بھی بسم اللہ ہی کو دیکھا

تب اللہ تعالےٰ کے نام کی عظمت میرے دل میں قرار واقعی آئی اور میں نے اللہ تعالیٰ کے نام کی بزرگی کا اقرار کیا۔

نماز قضائے حاجت ببرکت بسم اللہ یعنے صالحین نے روایت کی ہے کہ جو کوئی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بارہ ہزار بار پڑھے اور ہر ہزار کے بعد دو رکعت نماز پڑھے اور درود پڑھے اور اپنی مراد مانگے پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے۔اسی طرح بارہ ہزار پورے کرے اس کی حاجت بر آئے گی۔خواہ وہ کچھ بھی ہو بحکم خدا تعالےٰ۔

برکت بسم اللہ حصول عزت اور عظمت کے واسطے شیخ ابوبکر سراج نے حسب اشارہ یعنے صالحین کے ذکر کیا ہے کہ جو بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ چھ سو پچیس بار لکھے اور جو کوئی اپنے پاس رکھے اللہ تعالےٰ اس کو ایک ہیبت اور عظمت عنایت فرمائے اور کوئی اسے کچھ برائی نہ پہنچا سکے۔شیخ ممدوح نے کہا ہے کہ اس کا تجربہ ہوا ہے اور صحیح ہے

سورۃ فاتحہ کے فضائل اور فوائد کے بیان میں

صحیحین میں ثابت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سورۃ فاتحہ ایک ایسا رقیہ ہے کہ ہر بیماری کو دفع کرتا ہے اور رقیہ منتر کو کہتے ہیں۔

طریق:۔ دھو کے پلاتے ہیں سورۃ فاتحہ کا واسطے شفا کے سورہ فاتحہ کے خواص میں ایک بات یہ ہے کہ حروف اس کے جدا جدا لکھ کے پاک پانی میں دھو کے بیمار کو پلائے۔بحکم خدائے تعالےٰ شفا پائے۔

داڑھ کے درد کے واسطے داڑھ کے درد پر سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرے اللہ تعالیٰ شفا دے گا۔

شفائے مریض کے واسطے ۴۱ بار سورہ فاتحہ پڑھ کر فجر کی سنت اور فرض کے درمیان میں درد چشم والے کی آنکھ پر دم کرے۔ بحکم خدائے تعالیٰ شفا ہو اور امراض کے لیے بھی یہ نافع اور مجرب ہے اور صحیح ہے بارہا اس کا تجربہ ہوا ہے۔

محفوظی مسافر کے واسطے مسافر کے روانہ ہوتے وقت اس کے پیچھے ۴۱ بار سورہ فاتحہ پڑھے خدائے تعالیٰ اس مسافر کو محفوظ رکھے اور سلامت پھیر لادے۔

سورۂ یٰسین کے فوائد کے بیان میں

حصول مطلب مشکل بذریعہ سورۂ یٰسین ۴۱ بار جس حاجت کے لیے پڑھے پوری ہو۔ فقیہ علی بن قاسم حکمی نے لکھا ہے کہ میں نے ایک مشکل حاجت کے لیے سورۂ یٰسین کو ۴۱ بار پڑھا اللہ تعالیٰ نے وہ مشکل آسان کر دی اور مطلب حاصل ہوا۔

قضائے حاجت کے واسطے دارمی نے بہ صحیح سند روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی سورۂ یٰسین کو اول روز میں پڑھے اس کی سب حاجتیں پوری ہوں گی۔

حصول مراد کے واسطے سورۂ یٰسین اور سورۃ ملک پڑھنا بعض علماء سے فرمایا ہے کہ سورۂ یٰسین میں لفظ الرحمٰن پر سیدھے ہاتھ کی انگلیاں بند کرے اور ہر لفظ اللہ پر بائیں ہاتھ کی۔ پھر سورۃ ملک پڑھے الرحمٰن پر سیدھے ہاتھ کی انگلیاں کھولے اور ہر لفظ اللہ پر بائیں ہاتھ کی۔ اور

کھولنا بند کرنا چھنگلیا بند کرے۔ پھر اس کے اوپر کی انگلی۔ پھر بیچ کی انگلی اور اسی طرح بند کرے۔ جس مطلب کے لیے یہ عمل کرے بفضلہ تعالےٰ بے شک حاصل ہو اور دعا بھی قبول ہو سو خدائے تعالےٰ سے ڈرے اور سوائے بھلائی کے دعا نہ مانگے۔

آیۃ الکرسی کے فوائد کے بیان میں

رات کو آیۃ الکرسی پڑھنے کا ثواب صحیح حدیث میں آیا ہے کہ جو رات کو آیۃ الکرسی پڑھے شیطان اس کے پاس نہ آوے گا۔

نماز کے بعد آیۃ الکرسی کے پڑھنے کا فائدہ اور سنن نسائی میں ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی آیۃ الکرسی ہر نماز کے بعد پڑھے مرنے کے بعد بہشت میں داخل ہوگا۔ جمعہ کے دن نماز کے بعد عصر کے آیۃ الکرسی پڑھنا واسطے اثر عجیب اور قبولیت دعا کے بے نظیر ہے۔ امام نوویؒ نے فضائل اور منافع آیۃ الکرسی میں کتاب خوب تصنیف کی ہے اس میں لکھا ہے کہ جو کوئی جمعہ کے دن بعد عصر کے خالی میں تین سو تیرہ بار آیۃ الکرسی پڑھے ایسی خیر و برکت حاصل ہو کہ قیاس میں نہ آسکے۔

ف۔ یہ عدد بہت مبارک عدد ہے۔ مرسلین کا انبیاء میں سے اور عدد ہے اصحاب طالوت کا اور اصحاب بدر کا اس عدد سے جو وظیفہ پڑھے بہت خیر و برکت پائے۔

چوروں اور آگ لگنے کی حفاظت کے لیے آخر آخر سورۂ بنی اسرائیل یعنی قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا آخر آیت تک سونے وقت پڑھ لے اس رات چوری سے اور آگ لگنے سے محفوظ رہے اور وہ اور اس کا مال و اولاد حفظ الٰہی میں رہے۔

٭

دفع جنوں کے واسطے ایک جگہ جنوں کی بڑی کثرت تھی حضرت ابو زید بن اسلم رضی اللہ عنہ نے کہ وہاں کے حاکم تھے، فرمایا کہ ہر وقت اذان کی کثرت رکھیں رجنوں کا صدمہ دفع ہوگیا اور پھر جن وہاں نظر نہ پڑے۔

دفع مرگی کے واسطے مرگی والے کے داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہے اچھا ہو جائے گا انشاء اللہ تعالے۔

گم کردہ مسافر کے اذان مسافر راہ بھول جائے اذان کہے خدائے تعالیٰ اُسے راہ سمجھائے گا۔

گناہوں کی مغفرت کے واسطے صحیح مسلم میں ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بعد ہر نماز کے سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ بار اَللّٰہُ اَکْبَر ۳۴ بار پڑھے اور واسطے تمام سیکڑے کے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ ایک بار پڑھے اُس کے سب گناہ بخشے جائیں گے اگرچہ کفِ دریا کے مانند ہی ہوں۔

کشائش رزق اور محفوظی آفات کے واسطے ہر فرض نماز کے بعد لَقَدْ جَاءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ آخر سورہ تک پڑھے کشائش رزق اور محفوظ رہنے کو آفات سے مفید ہے۔

طریقہ نماز واسطے فراخی رزق استغفار سے جس طرح گناہ بخشے جاتے ہیں اسی طرح رزق کی بھی کشائش ہوتی ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ دو رکعت نماز اس طور پر کہ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد آیت وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُھَا اِلَّا ھُوَ آخر تک اور دوسری رکعت میں وَمَا مِنْ دَآبَّۃٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزْقُھَا آخر تک پڑھے پھر اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ

الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ بکثرت پڑھے رزق کی خوب فراخی ہوگی۔

دفع مفلسی کے بیان میں

سوبار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ہر روز پڑھ لیا کرے ہمیشہ تونگر رہے کبھی فقر اور مفلسی اسے نصیب نہ ہووے۔

دفع بخار وغیرہ کے واسطے

	وسلطانہ دجبروتہ	
بجلال بکمال کمالہ ونقدیرہ		اوراجیا
	ہو ہم ھے	

یہ نقش ایک پاک کپڑے پر لکھے ایک انڈے پر لپیٹ کے انڈے کو پکا کے بعد اس کے کھلائے اور چھلکے اس کے اکٹھا کر کے ایک کپڑے میں لپیٹ کے بازو پر باندھے بخار سے انشاء اللہ نجات پائے گا۔

بخار کے واسطے

بخار والے کی پیٹھ پر اذان اور ۶ امت انگلی سے لکھ دے اللہ تعالےٰ شفا دے گا۔

داڑھ درد کے واسطے

داڑھ میں درد ہو تو اس پر لِکُلِّ نَبَاءٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ لکھ کر رکھ دے فوراً درد جاتا رہے گا۔

درد چشم کے واسطے

انگوٹھے چوم کے آنکھوں سے لگانا واسطے درد چشم کے بعض صالحین کو خواجہ حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے کہا جو شخص دونوں انگوٹھوں کے ناخن چوم کے اپنی دونوں آنکھوں پر لگائے جس وقت موذن کہے اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ اور مَرْحَبًا بِحَبِیْبِیْ وَقُرَّۃَ عَیْنِیْ۔ درد چشم سے محفوظ رہے۔

دفع آگ لگنے اور آندھی کے واسطے

حدیث میں ہے کہ جب آگ لگے تکبیر کہو کہ تکبیر آگ کو بجھا دے گی۔

اذان بوقت آگ لگنے کے جو کہتے ہیں ماخذ اس کا یہی حدیث ہوسکتی ہے اور آندھی اور مصیبتوں کے دفع کے لیے بھی اذان مجرب ہے۔

دعائے تحفہ ابدال

خواجہ خضر علیہ السلام نے بعض صالحین کو خواب میں واسطے دفع ہر تکلیف اور مصیبت کے یہ دُعا یَا لَطِیْفُ بِخَلْقِهٖ یَا عَلِیْمُ بِخَلْقِهٖ یَا خَبِیْرُ بِخَلْقِهٖ اُلْطُفْ بِیْ یَا لَطِیْفُ یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ تعلیم فرمائی اس کے پڑھنے سے کسی قسم کی مصیبت یا تکلیف ہو دفع ہوجائے گی۔

برائے دفع شرارت جانور کے

جو جانور شرارت کرتا ہو تو اس کے کان میں یہ آیت اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ وَلَهٗ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّ کَرْهًا وَّاِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ پڑھے اس جانور کی شرارت جاتی رہے۔

ایضاً:۔ آیۃ الکرسی اور سورہ لایلاف کا واسطے محفوظی کے جمیع آفات سے بعض علماء نے کہا ہے کہ ہم نے یہ عمل بارہا آزمایا ہے مجرب ہے۔ آیۃ الکرسی گھر سے نکلنے سے پہلے پڑھ لے جب تک گھر کو پھر نہ آئے کوئی آفت اسے نہ پہنچے، سفر سے پہلے لایلاف پڑھنا امان ہے ہر شر سے۔

دلہن کے بیاہ لانے کی دُعا

جب دلہن کو بیاہ لائے تو یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَهَا وَخَیْرَ مَا جَبَلْتَهَا عَلَیْهِ یہ حدیث ابوداؤد نے روایت کی ہے۔

حمل عورت کے مجرب ہے

عورت کے حاملہ ہونے کے لیے چاہیے کہ جب عورت حیض سے نہائے تو ایک بکری کا بچہ فربہ پرورده ذبح کرکے سب کو ایک دیگچی میں پکائے اور اس کا آب یخنی کہ تھوڑا رکھا ہو دن میں عورت پی لے اور یہ آیت شریفہ ایک برتن پاک میں صاف لکھے ایسے کہ کوئی

حرف مٹا نہ ہو اور پانی سے دھو کر عورت کو وقت جماع کے پلائے انشاء اللہ تعالے
ضرور حاملہ ہو جائے گی مجرب ہے اول سورہ فاتحہ درود شریف اور بعد اس کے
اَبْجَدْ هَوَّزْ حُطِّيْ كَلِمَنْ سَعْفَصْ قَرَشَتْ ثَخَذْ ضَظَغْ اور اس کے بعد
اِنَّمَا اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ لِاَهَبَ لَكِ غُلَامًا زَكِيًّا قَالَ كَذَالِكِ قَالَ رَبُّكِ
هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَلِنَجْعَلَهٗ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا وَكَانَ اَمْرًا
مَّقْضِيًّا فَحَمَلَتْهُ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَحَمَلَتْهُ بِعَوْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَحَمَلَتْهُ بِلُطْفِ
اللّٰهِ تَعَالٰى فَحَمَلَتْهُ بِلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ
بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ
فَسُبْحَانَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ سُبْحَانَ
رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ
لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لکھے انشاء اللہ تعالیٰ حمل رہ جائے اور لڑکا پیدا ہوگا۔

حمل کے اسقاط نہ ہونے کے واسطے

آیت وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا قُلِ
اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا لکھ کے اور تعویذ بنا کے عورت کے گلے میں باندھے
بفضلہ تعالےٰ حمل اسقاط نہ ہو۔

تولد پسر خوش رو کے واسطے

سورہ یوسف صاف اور صحیح ایسی لکھے کہ کوئی حرف
مٹا نہ ہو اور ایک تعویذ کی طرح عورت حاملہ کے
باندھے بفضلہ تعالیٰ بیٹا خوبصورت سعید کہ سب امور نامرضیہ جناب الٰہی یعنے
بُرے کاموں سے محفوظ رہے پیدا ہو۔

تدبیر قادر ہونے مرد کے اوپر عورت کے واسطے

حضرت حسن بصریؒ سے
لوگوں نے ایک مرد کا

کہ اس کا بیاہ ہوا تھا حال کہا کہ وہ عورت پر قادر نہ ہو سکا حضرت نے کہا کہ دو انڈے مجھے لاؤ وہ لاسے۔ آپ نے ان کا چھلکا اتار کے ایک پر وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ لکھا اور مرد کو دیا اور دوسرے انڈے پر وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ لکھ کے عورت کو دیا اور کہا کہ کھا لو۔ جب دونوں نے کھا لیا تو حضرت نے فرمایا اب جاؤ اور اپنا کام کرو۔ پس وہ مرد عورت پر بخوبی قادر ہوا۔

دعا قبول ہونے کے واسطے

لفظ اللہ اسم اعظم ہے اگر بکمال اعتقاد اور صدق دل اور نیت وعظمت اور حضور قلب سے اس نام کو پڑھ کر دعا مانگے بے شک قبول ہو یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ کثرت سے پڑھے دل اس کا زندہ رہے اور عقل کامل رہے۔

قیدی کے چھوٹنے کے لیے

نقش مرقومہ تحت کو کہ ہر ضلع میں ۴۵ ہیں۔ پاک مٹی کہ جس پر قیدی نے پاؤں رکھا ہو اور اس مٹی کو پاک تختے پر رکھ کے ساتویں ساعت جمعہ میں کہ ساعت شمس ہو نقش لکھے۔ پھر اس مٹی کو کپڑے میں لپیٹ کے پاک جگہ ٹھنڈی پر قریب گھڑے وغیرہ کے رکھ دے بفضلہ تعالیٰ قیدی جلد چھوٹ جائے گا۔

۱۸	۱۱	۱۶
۱۳	۱۵	۱۷
۱۴	۱۹	۱۲

برائے رہائی قیدی

مَاشَآءَ اللّٰهُ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ دو ہزار ایک جلسے میں پڑھے، قیدی بہت جلد رہائی پائے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

آسیب زدہ اور مرگی والے کے لیے

پانی پر سورۂ فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور پانچ آیت اول سورہ جن کی پڑھ کے

دم کرے اور اس کے منہ پر چھینٹا مارے بفضلہٖ تعالیٰ اچھا ہو جائے گا اور آسیب زدہ پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمٓصٓ طٰہٰ طٰسٓ طٰسٓمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ پڑھ کر دم کرے فوراً اچھا ہو جائے گا اور پھر کبھی آسیب کا خلل نہ ہووے۔ داہنے کان میں آسیب زدہ یا مرگی والے کے اذان کہے اور بائیں کان میں اقامت تو اچھا ہو جائے گا۔

ہینگ کا فائدہ جس شخص کے پاس ہینگ ہو اس کے پاس جن نہیں آتا اور جو آسیب زدہ کو ہینگ سونگھا دیں، آسیب دفع ہو جائے۔

قوتِ حافظہ کے لیے سورہ الم نشرح چینی کے برتن میں لکھ کے دھو کے پیئے بحکم خدا حافظہ اس کا قوی ہو گا۔

حصول مراد کے واسطے جمعہ کے دن اول روز یعنی طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک رو بقبلہ باوضو تنہائی کی جگہ میں بیٹھے اور یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ پڑھتا رہے۔ سات جمعہ برابر کرے پھر اللہ سے اپنی دعا مانگے بے شک حاصل ہو۔

محفوظی ظالم اور ہر تکلیف کے لیے سنت فجر میں جو شخص الحمد کے بعد پہلی رکعت میں الم نشرح اور دوسری میں الم ترکیف پڑھے اس دن ہر ظالم کا ہاتھ اس سے کوتاہ رہے اور ہر برائی اور ہر تکلیف سے محفوظ رہے۔

بلیات سے محفوظ رہنے کے واسطے اودرل رولاہم آتا ریخ مہینے کی لکھ کر گھر میں رکھ لے گھر آگ سے اور چوہے اور چور سے محفوظ رہے اور وہ سب چیزیں بحکم خدائے تعالیٰ سلامت رہیں۔

ٹڈی سے کھیت محفوظ رہنے کے واسطے

چار رقعوں میں یہ آیت وَاِذَا تَوَلّٰی سَعٰی فِی الْاَرْضِ لِیُفْسِدَ فِیْهَا وَیُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ وَاللّٰهُ لَا یُحِبُّ الْفَسَادَ لکھے اور کھیت کے چاروں کونوں پر دفن کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ وہ کھیت ٹڈی سے محفوظ رہے گا۔

پسوؤں کے دفع کے لیے

تفسیر واحدی میں لکھا ہے کہ ایک پیالے پانی پر وَمَا لَنَا اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰنَا سُبُلَنَا آخر تک سات بار پڑھے پھر کہے اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اَیَّتُهَا الْبَرَاغِیْثُ فَكُفُّوْا عَنَّا شَرَّكُمْ وَاَذَاكُمْ اور اس پانی کو چاروں پائے چارپائی کے گرد چھڑک دے۔ اس رات کو چین سے سو رہے پسو اسے نہ ستاویں گے۔

ایضاً۔ چار لکڑیاں انجیر کی ایک بکری مذبوحہ کے خون سے آلودہ کرکے اور یہ دعا اَیَّتُهَا الْبَرَاغِیْثُ السُّوْدُ اِنَّكُمْ مِنْ جُمْلَةِ الْجُنُوْدِ اَقْسَمْتُ عَلَیْكُمْ بِالْوَاحِدِ الْمَعْبُوْدِ الَّذِیْ اَهْلَكَ عَادًا وَّثَمُوْدَ اَنْ تَجْمَعُوْا عَلٰی هٰذَا الْعُوْدِ لَا یَبْقٰی مِنْكُمْ وَالِدٌ وَلَا مَوْلُوْدٌ پڑھ کے چاروں میں گھر کے رکھ دے سب پسو ان لکڑیوں پر جمع ہو جائیں گے۔ بایں شرط کہ ان میں سے کسی کو نہ مارے۔

کشادگی مرد کے واسطے

اگر کسی مرد کو عورت سے بند کر دیا ہو سورہ لَمْ یَكُنِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا۔ ایک پاک برتن میں صاف لکھے کہ کوئی حرف اس کا مٹا نہ ہو۔ اس کو دھوکے پیے اور اسی طرح تین دن کرے انشاءاللہ تعالیٰ کھل جائے اور عورت پر قادر ہو جائے۔

سحر وغیرہ سے بچنے کے واسطے جو شخص وقت طلوع فجر ہمیشہ نہایا کرے اس کو جادو اثر نہ کرے گا اور نظر بد، جن وانس کی نہ ہو اور تندرست رہے اور چہرہ اس کا نورانی ہو جائے اور دعا اس کی قبول ہوگی اور اس پر کسی کی بددعا اثر نہ کرے۔

محبت کے واسطے جمعہ کے دن آدھی رات کو یہ آیت فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ تین بار پڑھے اور بعد اس کے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ حَسْبِيْ مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ اَوْ فُلَانَةَ بِنْتِ فُلَانَةٍ اَعْطِفْ قَلْبَهُ اَوْ قَلْبَهَا عَلَيَّ وَ ذَلِّلْهُ اَوْ ذَلِّلْهَا اِلَيَّ اور بجائے فلاں بن فلانہ نام اس شخص کا اور اس کی ماں کا کہ جس کی محبت اور تابعداری منظور ہو اور فلانہ بنت فلانہ اس لیے ہے کہ اگر وہ عورت ہو تو اس کا اور اس کی ماں کا نام لے وہ شخص اس پر مہربان ہو جائے اور اگر ماں کا نام نہ معلوم ہو ابن حوا یا بنت حوا کہہ دے۔ عاملوں کا یہ بھی طریقہ ہے۔

حب کا دوسرا عمل اَللّٰهُ اَكْبَرُ .. ۵ بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۱۰ بار اٰيَةُ الْكُرْسِيِّ اِخْلَاص مُعَوَّذَتَيْن ایک کاغذ پر لکھے اَللّٰهُمَّ اَعْطِفْ قَلْبَ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَةَ اَوْ فُلَانَةَ بِنْتِ فُلَانَةَ عَلٰی اِبْنِ فُلَانٍ اَوْ بِنْتِ فُلَانَةٍ لکھے اور اپنے داہنے ڈنڈ پر باندھ لے مطلب حاصل ہو پہلے فلان بن فلان کی جگہ مطلوب کا نام اور دوسری جگہ طالب کا نام لکھے۔

حب کا تیسرا عمل ایک حلوے کے ٹکڑے پر لفظ بدوح لکھ کر جسے کھلائے وہ اس شخص کو بہت چاہنے لگے اور بہت اس سے محبت کرے

دفع بغض چند اشخاص کے واسطے

چند اشخاص میں اگر بغض وعداوت ہو تو یہ آیت وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِنْ غِلٍّ بِمَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ تک ایک حلوے کے ٹکڑے پر سُکھے قلم سے لکھے اور انہیں کھلاوے، بحکم خدائے تعالیٰ صلح ہو جائے۔

وضع حمل کی آسانی کے واسطے

حاملہ کی ران پر یہ آیت آیَةٌ لَّهُمُ الَّیْلُ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ تک لکھے اور نجاست سے بچائے بفضلہ تعالیٰ عورت کا وضع حمل جلد آسانی سے ہو جائے۔

تاثیرات حروف کے بیان میں

حروف چار قسم کے ہیں حار بارد رطب یابس۔ حار یہ ہیں ا ہ ط م ف ش ذ کہ ان کے اکٹھا کرنے سے اھطمفشذ حاصل ہوتا ہے اور بارد حروف یہ ہیں ج ز ک س ق ث ظ کہ مجموع ان کا لفظ جزکس قثظ ہوتا ہے اور حروف رطب یہ ہیں د ح ل ع ر خ غ ان کے جمع کرنے سے دحلع رخغ ہوتا ہے اور حروف یابس یہ ہیں ب و ي ن ص ت ض کہ اس کے جمع کرنے سے بوین صتض ہوتا ہے پس جو شخص حروف حرارت کو موافق اعداد ان کے ۱۱۳۵ بار شدت سردی میں پڑھے بدن اس کا گرم ہو جائے اور پسینہ آجائے اسی طرح حروف بارد بعد ان کے گرمی میں پڑھے سردی خوب حاصل ہو اور دفع یبوست کے لیے حروف رطب اور رطوبت کے لیے حروف یابس ایسی ہی تاثیر رکھتے ہیں اور پڑھنے کی صورت یہ ہے کہ مجموع ان کا اھطم فشذ مثلاً حروف جاڑے میں پڑھے وعلیٰ ہذا القیاس

قوت ایمان اور روشنی دل اور حصول کشف کے اسم کے واسطے

اَلرَّحْمٰنُ اور حروف

اسم مبارک ایک پاک برتن میں لکھ کے آبِ زمزم یا گلاب یا مینھ کے پانی سے دھو کے پی لے۔ اللہ تعالیٰ اس کو ایمان پر ثابت رکھے اور دل اُس کا نور سے معمور کرے حتیٰ کہ وہ غائب چیزوں کو دیکھنے لگے۔ اگر چالیس صبح اس پر مداومت کرے اس کو شانِ عظیم اور سعادتِ عظمیٰ حاصل ہو اور صاحبِ کشف ہو جائے۔ ایسا کہ نور سے خدا کے اُس کی بینائی ہو۔ اور جب لب دعا کے لیے ہلا دے قبل تمام ہونے دعا کے دعا اس کی قبول ہووے بفضلِ خدائے تعالیٰ اور ببرکت ان دونوں اسم مبارک کے۔

دفع خوف کے واسطے

جب آدمی کو خوف ہو ایسی مصیبت کا جس میں جان کا اندیشہ رہو یہ پڑھے وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وہ مصیبت دفع ہو جائے۔

آسیب سے بچنے کے لیے

حضرت اوزاعی رحؒ سے حکایت ہے کہ مجھے ایک آسیب نظر پڑا میں نے کہا اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اس نے کہا تم نے بڑے شخص کی پناہ پکڑی اور چلا گیا۔

داد کے واسطے

داد کے لیے ایک ڈورہ لے اور اس پر تین گرہ لگائے ہر گرہ پر آیت وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِیْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِیْثَةِ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ۝ پڑھ کر گرہ لگائے اور داد والا اُس ڈورے کو باندھے بفضلہٖ تعالیٰ داد جاتا رہے۔

پیشاب کھلنے کے لیے

اگر کسی کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو یہ آیت دھو کے پیے کھل جائے گا۔ آیت یہ ہے وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَیْنًا

آسیب وبلا سے محفوظ رہنے کے لیے

یہ دعا پناہ کی ہے جو اس کو محل ترف میں پڑھے آسیب اور بلا سے محفوظ رہے اور حاکم کے شر سے بھی بچے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰہِ الْخَالِقِ الْاَکْبَرِ حِرْزًا مِّمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ لَا قُدْرَۃَ لِمَخْلُوْقٍ مَعَ الْخَالِقِ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ وَعَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا وَحَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

وبا سے حفاظت کے لیے

اور یہ دعا حفاظت کی وبا سے ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّ ذُنُوْبِیْ قَدْ عَظُمَتْ وَجَلَّتْ وَاَنْتَ سَیِّدِیْ وَاِلٰھِیْ اَعْظَمُ وَاَجَلُّ اَللّٰھُمَّ اَغْنِیْ عَلٰی رِضَاکَ لَا رِضَاءَ اِلَّا بِحَوْلِکَ وَقُوَّتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ وَاَدِمْ عَلَیْنَا النِّعَمَ وَاصْرِفْ عَنَّا النِّقَمَ وَالرِّجْزَ وَالْعَذَابَ وَالْاَلَمَ اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَکْرَمُ اٰمِیْنَ اٰمِیْنَ۔

بچھو کا منتر

جس کو بچھو نے کاٹا ہو اس کو اس منتر سے جھاڑ دے شَجَّنِیَّۃٌ قَرْنِیَّۃٌ مِلْحَۃٌ بَحْرٌ قَفْطَا۔ مدینہ میں ایک شخص اس منتر سے جھاڑا کرتا تھا اور بہت سے آدمیوں کو فائدہ ہوا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پوچھا کہ تیرا کیا منتر ہے اس نے عرض کیا آپ نے فرمایا کہ مضائقہ نہیں یہ منتر کیا کر دیہ مواثیق جن سے ہے۔

کھیت کی سرسبزی کے لیے

افزائش پھل اور برکت باغ کے واسطے۔ وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَھُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ کُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْھَا مِنْ ثَمَرَۃٍ

رِزْقًا قَالُوْا هٰذَا الَّذِیْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا وَلَهُمْ فِیْهَا اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّهُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ہ روزہ رکھنے کے بعد بروز پنجشنبہ بعد نماز مغرب کے قبل کلام کرنے کے ایک کاغذ پر یہ آیت لکھے اور وسط باغ میں ایک درخت پر بطور تعویذ کے باندھ دے اور اس درخت کا ایک پھل کھالے اگر پھل نہ ہو تو ایک پتہ لے لے اور تین گھونٹ پانی پی لے اور وہاں سے چلا آئے انشاء اللہ تعالیٰ بہت برکت اس باغ میں ہوگی اور بہت پھل لائے گا۔

درخت کے پھلوں کی برکت کے واسطے

هُوَ الَّذِیْ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَیْءٍ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ اس آیت شریف کو جمعہ کے دن کسی وقت لکھ کے دھو کے کنوئیں میں ڈال دے اور اس سے درختوں کو پانی دے اللہ تعالیٰ ان درختوں کے پھلوں میں برکت دے اور نظر بد جن وانس اور سب آفتوں سے محفوظ رہیں۔

دشمن اور نظر بد سے حفاظت کے لیے

اور جو اس کو وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَمِیْثَاقَهُ الَّذِیْ وَاثَقَكُمْ بِهٖ تا اِنَّ اللّٰهَ خَبِیْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ۔ شب جمعہ میں بعد نماز عشاء کے ایک کاغذ میں لکھ کے تعویذ بنا کے اپنے باندھے شیطان اور دشمن اور نظر بد سے امان میں رہے۔ اگر شیشہ کے یا سنگ مرمر کے برتن میں لکھ کے پاک پانی سے دھو کے تین دن برابر نہار منہ پیئے نماز میں یا وضو میں اگر وسواس ہوتا ہو یا بُرے خواب دیکھتا ہو یہ برکت اس آیت کے شفا پائے۔

بیاہ کے لیے

اگر کسی عورت سے بیاہ کرنا چاہے یا بادشاہ سے نوکری مطلوب ہو یا رزق اس آیت شریف کو قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ

يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ لکھ کر تعویذ بنا کے بازو میں باندھ لے انشاء اللہ مطلب حاصل ہوگا۔

طوفان سے بچنے کے لیے

اگر آدمی جہاز پر سوار ہو اور دریا میں طوفان ہو اور تلاطم امواج ہو سات رقعوں میں اس آیات شریفہ اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ سے كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ تک لکھ کر سمندر میں ڈال دے بجانب مشرق ایک بعد دوسرے کے طوفان تھم جائے اور تلاطم جاتا رہے۔

وہم دور ہونے کے لیے

وسواس اور ڈر اور وہم کے لیے وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ تا قولہٗ تعالےٰ مُبْصِرُوْنَ سات رقعوں پر جمعہ کے دن بوقت طلوع شمس کے لکھے اور ہر روز ایک رقعہ کو نگل کے ایک گھونٹ پانی پی لے شفا پائے بفضلہٖ تعالےٰ۔

دل کی دھڑکن دور کرنے کے لیے

سورہ الم نشرح پاک برتن میں لکھ کے آب زمزم یا بارش کے پانی سے دھو کے پی لے خفقان اور دل دھڑکنے کو نافع ہے۔ اور اسی طرح سورہ لایلاف قریش جو لکھ کے پی لے خفقان اور دل دھڑکنا انشاء اللہ تعالیٰ بالکل جاتا ہے۔

شکم میں بچہ کی حفاظت کے لیے

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ تا بِغَيْرِ حِسَابٍ ۵ گلاب اور زعفران سے ہرن کی جھلی پر لکھ کے اور عورت حاملہ کی چھنگلیا میں باندھ دے حاملہ اور پیٹ کا لڑکا سب آفات سے محفوظ رہے۔

لڑکا رونے کے واسطے

اگر لڑکے کے گلے میں یہ آیت اور لکھی ہوئی لکھ کر باندھ دے لڑکا ڈر سے اور زیادہ رونے سے

ایک ہزار ہمیشہ پڑھا کرے مرتبہ اس کا عالی ہو اور مال کی بے شمار کثرت ہو۔

آسیب کو دور کرنے کے لیے

بعض علمائے سلف نے ذکر کیا ہے کہ اسم مبارک اللہ ایک برتن میں مکرر بقدر گنجائش اس کے لکھ کے پانی سے دھو کے آسیب زدہ کے منہ پر چھینٹا مارے شیطان اس کا جل جائے۔ امام نووی رح نے کہا ہے کہ ایک شخص کا غلام ۴ برس سے آسیب رکھتا تھا اور وہ شخص اس کی تدبیر اور علاج سے عاجز ہو گیا میں نے اس کو یہ عمل بتایا اس نے تین دن تک اعتکاف کر کے اسم مبارک ایک برتن میں جس قدر گنجائش تھی لکھ کے اس غلام کے منہ پر چھینٹا مارا وہ غلام اچھا ہو گیا اور وہ شیطان اس کا جل گیا اور پھر عود نہ کیا۔

گھبراہٹ جانے کے لیے

ح	ی	ط	م
ط	م	ح	ی
م	ط	ی	ح
ی	ح	م	ط

اسم مبارک محیط کا نقش مربع لوہے کی تختی میں نقش کر کے اُس شخص کے گلے میں لٹکا دے جس کو فزع ہو یعنی گھبراتا ہو اور ڈرتا ہو فزع اس کا جاتا رہے اور جو لڑکا بہت روتا ہو اس کے گلے میں باندھے پھر لڑکا کبھی نہ روئے۔

کتے کے کاٹے کے لیے

اَلْعَلِیْمُ اَلْحَکِیْمُ ان دونوں اسم مبارک کو لکھ کے دھو کے اس شخص کو پلائے جسے کتے نے کاٹا ہو فوراً شفا ہو جائے۔ اور جو ان دونوں اسم مبارک کو لکھ کے روغن زیتون میں ملا کے سانپ کے کاٹے کو کھلائے فوراً اچھا ہو جائے۔

لونڈی اور غلام کے مطیع رہنے کے واسطے

اسم مبارک یَا رَقِیْبُ کو لکھ کے روٹی میں کر کے غلام یا لونڈی کو

کھلائے ہمیشہ اپنے آقا کے پاس رہے اور کبھی نہ بھاگے۔

کھیتی میں برکت کے واسطے

اسم مبارک باعث وارث کی یہ تاثیر ہے کہ چہارشنبہ کو کھیت بوئے اور اُس وقت سو بار کہے سُبْحَانَ اللّٰہِ الْبَاعِثِ الْوَارِثِ اس کھیتی میں خوب فائدہ ہو اور بہت اچھی کھیتی برکت والی ہو۔

حفاظت سفر کے لیے

اسم مبارک سلام کو نقش

م	لا	س
س	م	لا
لا	س	م

مثلث میں لکھے جو مسافر اس نقش کو پاس رکھے سفر سے سلامت پھر آئے اور جو لڑائی میں ساتھ رہے جائے تمام آفات سے محفوظ رہے

دو شخصوں میں محبت ہونے کے لیے

یہ دو شخصوں میں اُلفت ہونے کو یہ عمل کرے پہلے طالب کا نام پھر لفظ محبت پھر مطلوب کے نام کی تکسیر کر کے سیسے کی تختی میں شنبہ کے دن نقش کرے اور مطلوب کے مکان کے اندر دفن کرے۔ مطلب حاصل ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

حاملہ ہونے کے لیے

اِنَّ اللّٰہَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰی تا قولہٗ تعالیٰ اَنّٰی تُؤْفَکُوْنَ چاندی کی تختی میں لکھ کے عورت اپنے سر میں رکھ لے بحکم خدائے تعالیٰ حاملہ ہو جائے گی۔ اگرچہ حمل سے مایوس ہوگئی ہو۔

قوتِ حافظہ کے لیے

وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ تا قولہٗ تعالیٰ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ۔ اس آیت کو لکھ کے سبق کی جگہ کتاب یا قرآن میں رکھ لے حفظ اور فہم بہت کامل ہو جائے۔

محفوظی جان اور اولاد کے لیے

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ

کحا فِنکُوُنَ چاندی کے پتر پر نقش کر کے چالیس مرتبہ اس پر یہ آیت پڑھے اور نیچے نگینہ کے انگوٹھی میں رکھے جو اس انگشتری کو پہنے رہے اپنی جان و مال اور اولاد سے محفوظ رہے۔

حاجت برآری کے لیے ۔ ا بار سورۂ الکافرون روز یکشنبہ بوقت طلوع آفتاب پڑھ کے اپنی حاجت مانگے اللہ تعالیٰ قبول فرمائے گا۔

فتح یابی کے لیے سورۂ نصر کسی ہتھیار پر نقش کرے اور دشمن کے مقابلے میں لے جائے فتح پائے۔

ظالم کے ظلم سے بچنے کے لیے ظالم کے پاس جاتے ہوئے معوذتین پڑھ لے ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

بھیڑیے اور بکری کے باہم الفت ہونے کے لیے کتاب الواح الجواہر میں لکھا ہے کہ اس عمل سے بھیڑیے اور بکری میں موافقت ہوسکتی ہے تکسیر یوں کرے ذ ی ب م ح ی ت غ ن م ۔ اس کو مربع عشارے میں بطریق تکسیر سیسے کی تختی میں شنبہ کے دن کھودے اور بکریوں کے بندھنے کی جگہ دفن کرے بھیڑیے اور بکریوں میں محبت ہو جائے گی ۔ انشاء اللہ۔

مشکل آسان سب طرح کی ہو ہوئے تسکین درد سے دل کو
بہر تسخیر اور حفاظت تمام آوے دونوں کے واسطے یہ کام
گھوڑے کے حق میں جو مفید ملا پایا میں نے جہاں جہاں سے لکھا
بہر تعلیم کر دیا تحریر اور عمل کے لیے یہ کی تسخیر
کہتے ہیں جب دوا لے کو توے اُس کی پیشانی پر یہ دم کرے
رہے جب تک کرے وفاداری ہو مسرت فزوں ہو بہبودی

لہ جو گھوڑا نیا خریدا ہو اس کی پیشانی پر یہ دعا پڑھ کر دم کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ

نظم

جب سواری کا ہو ترا آہنگ ۔ اور فرمان پذیر ہو نہ ترنگ
دونوں کانوں میں اُس کے پڑھ یہ دُعا ۔ جان و دل سے وہ رام ہو تیرا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَلَقَدْ اَوْحَیْنَآ اِلٰی مُوْسٰٓی اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِیْ فَاضْرِبْ لَھُمْ طَرِیْقًا فِی الْبَحْرِ یَبَسًا لَّا تَخٰفُ دَرَکًا وَّلَا تَخْشٰی۔

ایک عمدہ عجب سواری کا ۔ حاصل اسم ورد باری کا
رکھے جس دم رکاب پر تو قدم ۔ پڑھ لے پہلے دعا یہ اے ہمدم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الَّذِیْ ھَدٰنَا لِھٰذَا وَمَا کُنَّا لِنَھْتَدِیَ لَوْلَآ اَنْ ھَدٰنَا اللّٰہُ سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ ۵

یا کہ دم کر یہ کان میں اُس کے ۔ تا اطاعت میں ہو فرس تیرے
ہے یہ تسخیر کی دعا اے جان ۔ سجع ایماں آیت قرآن

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۵ اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَھُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَیْدِیْنَآ اَنْعَامًا فَھُمْ لَھَا مٰلِکُوْنَ وَذَلَّلْنٰھَا لَھُمْ فَمِنْھَا رَکُوْبُھُمْ وَمِنْھَا یَاْکُلُوْنَ ۵

❖

اب دعائے حفاظت اے ہمدم | جس سند سے کہ میں نے پائی رقم
بے کم و کاست اُس کی ہے تحریر | تھا کسی کا فرس بہت دلگیر
عاجز آیا دوا کے کرنے سے | تھا یقین دل میں اس کے مرنے سے
اس تفکر میں سو گیا بے ریب | نظر آئے اُسے رجال الغیب
ماہ رخسار اور سیمیں تن | آشکارا خرد چو گل بہ چمن
دل ملا دل سے اور زباں سے زباں | ہو گیا خواب اُس کا راحت جاں
کر دیا اس کا لوح دل منقوش | اُس کے دل سے اٹھائے سب مخدوش
آنکھیں تھیں خفتہ اور دل بیدار | خامشی لب پہ اور زباں ہشیار
تھی ہدایت یہی کہ پڑھ یہ دُعا | کہ اسے جا کے دم کر پاوے شفا
کر چکا اس طرح وہ جب تعلیم | کھل گئی آنکھ کرتے ہی تسلیم
خواب کا اُس کے یہ نتیجہ تھا | یاد اُس کو وہی وظیفہ تھا
جا کیا اُس پہ اُس دعا کو دم | آئی دوبارہ اُس کے دم میں دم
قدرتِ کاملہ سے کب ہے دور | لائے مردہ کو پھیر از لب گور
ہے یہ آیت لکھا ہے جس کا بیان | ہم دعا ہم دوا ہے بے درماں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ اَيَّتُهَا الْعِلَّةُ بِعِزَّةِ عِزَّةِ اللّٰهِ وَبِعَظْمَةِ عَظْمَةِ اللّٰهِ وَبِجَلَالِ جَلَالِ اللّٰهِ وَبِقُدْرَةِ قُدْرَةِ اللّٰهِ وَبِسُلْطَانِ اللّٰهِ وَبِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَبِمَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَبِلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اِلَّا انْصَرَفْتِ

لکھتے ہیں بول بند جس کا ہو | آدمی ہووے یا فرس ہر دو
باندھ اُس کے گلے میں لکھ یہ حصار | اسم موسیٰ ہے کہ نہ تو تکرار
دوسرا بھی لکھا اور دھو کے پلا | گر خدا چاہے اس کو ہووے شفا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ذا الرعا المدرعی حوساھو دعا الماطبونا سلخاملصورمایاقیوما نخن کھیٰعص حمٓ نخن عسقٓ

۷۸۶

ذ	ی	ب	م	ح	ب	ت	غ	ن	م
ی	ب	م	ح	ب	ت	غ	ن	م	ذ
ب	م	ح	ب	ت	غ	ن	م	ذ	ی
م	ح	ب	ت	غ	ن	م	ذ	ی	ب
ح	ب	ت	غ	ن	م	ذ	ی	ب	م
ب	ت	غ	ن	م	ذ	ی	ب	م	ح
ت	غ	ن	م	ذ	ی	ب	م	ح	ب
غ	ن	م	ذ	ی	ب	م	ح	ب	ت
ن	م	ذ	ی	ب	م	ح	ب	ت	غ
م	ذ	ی	ب	م	ح	ب	ت	غ	ن

دفع شیطان اور دیو کے لیے

واسطے دور ہونے آسیب اور دیو اور پری اور جس پر جن چڑھا ہو اس تعویذ کو باندھے اچھا ہو جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ وہ تعویذ یہ ہے

۱۱ ۱۸ ۱۱۸ ۹۱۱ ۱۱۸ ط ظ ط ط ۹۹

ایضاً: واسطے اس کے کہ جس کو دیو اور جن پکڑا ہو دھواں اس فلیتہ کا ناک میں بیمار کے پہنچاوے نقش یہ ہے۔

ایضاً:۔ واسطے دور ہونے آسیب کے جس کو دیو یا جن یا پری کا خلل ہو یہ اسم مبارک لکھے اور باندھے وہ آسیب دفع ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔۔۔۔۔۔

صر	لہ	ط	صد
ا	ے	سح	ح
ماى	من	بن	سد
ح	ع	بط	دہ

ایضاً:۔ واسطے دور ہونے دیو پری اور جن کے اس شکل کو چراغ میں جلائے۔

[illegible]	[illegible]	صد	لا
٧	٣	١٢	٤
٣١كا	ى	٣	٢
٢	٩٧	١٥	ک

مرگی دفع ہونے کے لیے

مرگی دور ہونے کے لیے یہ نقش لکھ کر سر میں باندھے بہت آزمایا ہوا ہے۔

لا	ہ	و	ل	اللہ
محمد	اللہ		م	و
مت	م	الا	رسول	و
محمد	صبح	الا	اللہ	صع

ایضاً:۔ اس طلسم کو واسطے دور ہونے مرگی کے بیمار کے داہنے ہاتھ میں باندھے اچھا ہو جائیگا۔

١٨ عہ ا عہ عہ ما ٨ ما ٨ مسح مسح
ما ٨ ما ٨ مسح مسح

تپ کے لیے

گلے میں باندھے۔

بسم الرحمن الرحیم
یا نار کونی بردا و سلاما علی ابراہیم
١١

لڑکے کی لاغری دور ہونے کیلیے

اگر کوئی لڑکا خشک اور دبلا ہو تو چاہیے کہ بدھ کے دن اس نقش کو لکھ کے جھولے میں لڑکے کے یا ماتھے پر باندھ دے۔ نقش یہ ہے

ع لہ امنو لا کہ ع	
٣ ٢٢ ١١ اماہ ح	
لہ ١١ اس ع	

صحت بیمار کے یلے

جو کوئی اس نقش کو لکھے اور بیمار کی گردن میں باندھے اچھا ہو جائے گا آزمایا ہوا ہے سب بیماروں کے واسطے مفید ہے

طو	حب	ح	سو
ء	د	و	ب
حب	هی	مد	ا

درد ناف کے واسطے

ناف ٹل گئی ہو تو لکھ کے سیدھا لیٹے اور ناف پر رکھے پھر ناف اپنے مقام پر آجائے۔

سح حٓ

ہول دل کے واسطے

آزمایا ہوا ہے ایک نقش ہر روز چالیس دن تک صبح کو نگل جائے شفا پائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ک	ل	م	ل	ا
ا	ک	ل	م	ل
ل	ا	ک	ل	م
م	ل	ا	ک	ل
ل	م	ل	ا	ک

درد سر دور ہونے کے واسطے

تمام سر میں درد ہو تو لکھے اور باندھے بہت مجرب اور بارہا آزمایا ہوا ہے

یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح

آدھا سر کے درد کے واسطے

سر میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ بہت جلد آرام آئے گا

لحححم
ححمم

پیٹ درد کے واسطے

پیٹ درد کے واسطے لکھے اور کمی جائے اچھا ہو جائے گا نقش یہ ہے۔

ص	۲	۱۵
حا	۷۱۱	۲
سا	ص	ع

تمام بیماریوں سے بچنے کے لیے

اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تمام بیماریوں سے مانند جذام اور برص کے محفوظ رہے گا۔

م	ا	ل	س
س	ل	ا	م
ا	م	س	ل
س	ل	م	ا

قیدی چھوٹنے کے واسطے

۱۰	۵	۱۲
۱۱	۹	۷
۶	۱۳	۸

لکھ کر بازو پر باندھے۔

بخار کے واسطے

یہ دعا پیپل کے پتے پر لکھ کر صبح کو ہر روز ایک ایک چاوے بخار دفع ہوگا۔ قُلْنَا یَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ۔

ہول دل کے واسطے

ہول دل کے واسطے مجرب ہے۔

۲	۹	۸
۱۰	۶	۳
۵	۴	و

بچے کے رونے کے لیے

بچے کے رونے کے واسطے لکھ کر گلے میں ڈالے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

۱۸	۲۸	۶
۱۲	۲۴	۲۷
۴۳	یا جبرئیل یا باسط	۳۰

آسانی وضع حمل کے واسطے

واسطے دشواری وضع حمل کے اس نقش کو کوئی ٹھیکری پر لکھ کر حاملہ کے پاؤں کے نیچے رکھے اور وہ عورت دور سے ٹھیکری مذکور کو دبائے اور زور دے فوراً اخلاص پائے گا مجرب ہے

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

زیادتی دودھ کے لیے

یہ نقش دودھ زیادہ ہونے کے واسطے لکھ کر ایک گردن میں باندھے اور دوسرا پلائے۔

۲۱۹۴	۲۱۹۷	۲۲۱	۲۱۸۷
۲۱۹۴	۲۱۹۷	۲۱۹۳	۲۱۹۸
۲۱۹۹	۸۲۳	۲۱۹۵	۲۱۹۲
۲۱۹۶	۹۱۹۱	۲۱۹	۲۲۳

نظر بد کے لیے

یہ نقش واسطے دفع نظر بد کے مجرب ہے

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

مرگی کے لیے

یہ نقش اتوار کو خون مرغ سفید سے لکھ کر گلے میں باندھے ہرگز صرع یعنی مرگی نہ ہوگی

۹۱ لسحح
۹ مسحح
و ۲

حیض بند ہونے کے لیے

اگر کسی عورت کو حیض بہت ہوتا ہو تو چاہیے کہ یہ نقش سفید کاغذ پر لکھ کر کمر میں باندھے۔

۴	۴	ع	۱
ع	وع	حح	حح

چیچک کے لیے

یہ نقش واسطے چیچک کے مفید ہے۔

۱۳	۴	۳	۱۹
۸	۱۱	۲	۹
۱۴	۷	۶	۹
۱	۱۲	۱۵	۴

ہیضے کے لیے

واسطے دفع ہیضے کے بہت مفید ہے۔

۲۵	۲۰	۲۷
۲۶	للمـ احد ا مم ہ ۴۴	۲۲
۱۱	۲۸	۲۳

درد ناف کے لیے

یہ نقش درد ناف کے واسطے مجرب ہے

۱۱۹۶۹ حـ علی ۱۱۱۱۱

دودھ کے لیے

عورت کے زیادہ دودھ کے لیے ہے۔

ع ع ۵ ۵	ع ع ۵ ۵
ع ع ۵ ۵	ع ع ۵ ۵

ڈبہ اطفال کے لیے

یہ نقش واسطے ڈبہ اطفال کے لکھ کر پہلو میں باندھے فی الفور شفا پائے گا۔

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

دشمن کو زیر کرنے کے لیے

سات مربع میں لکھ کر قبر کہنہ میں دفن کرے دشمن زیر ہوگا۔

۳۹/۸	۳۸ ۲۵	۳۸ ۲۰
۳۸۲۳	۳۸۲۱	۳۸/۹
۳۸ ۲۲	۳۸/۷	۳۸/۴

واسطے رفع پیچش کے

پیچش کے بہت مجرب ہے۔ آزمودہ ہے۔

۲۲۸۹۹	۲۲۸۸۹	۲۲۷۹۵
۲۲۸۸۹	۲۲۸۹۳	۲۲۷۹۷
۲۲۸۹۱	۲۲۹۰۱	۲۲۸۸۷

واسطے رفع اعداء کے

۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۵	۱۶	۲	۱۱

ملاقات بادشاہوں کے لیے

۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴

زیادتی مال و برکت خانہ کے واسطے

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۴	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

عورت اور مرد کی محبت کے لیے

یہ نقش طلسم واسطے محبت مرد اور عورت کے مجرب ہے ۱۱۸ ۸۹ ع احد ۱۱۵۵۹ ۷۱

علم وفہم کے واسطے

علم وفہم کے واسطے نہایت مجرب ہے آزمودہ ہے۔

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

ملاقات بادشاہ کے واسطے

اسی دعا کو شیرینی پر پڑھ کر کھلاتے یا پھولوں پر پڑھ کر سونگھاوے وَ تَا کُلُوْنَ الثَّمَرَاتِ اَکْلًا لَمًّا وَ یُحِبُّوْنَ۔

محبت کے لیے

یہ نقش محبت کا ہے پان پر لکھ کر دروازے پر ٹھوکنا مجرب ہے۔

محبت کے لیے

۱۱ ط ۳ ۴ ۵ ۳ ۷ ۸ ۹ ۱۰	۱۱
۱۱ ط ۳ ۴ ۵ ۳ ۷ ۸ ۹ ۱۰	۱۱
۱۱ ط ۳ ۴ ۵ ۳ ۷ ۸ ۹ ۱۰	۱۱
۱۱ ط ۳ ۴ ۵ ۳ ۷ ۸ ۹ ۱۰	۱۱
۱۱ ط ۳ ۴ ۵ ۳ ۷ ۸ ۹ ۱۰	۱۱

یہ نقش یعنی پانچ فلیتہ محبت کے واسطے لکھ کر آگ میں روشن کرے مجرب ہے اور نام فلاں بنت فلاں علی حب فلاں بن فلاں لکھ کر سات روز مداومت کرے۔

محبت کے لیے

اس مطلوب کے کپڑے پر لکھے اور نام طالب و مطلوب اور ماں کا لکھے اور پلیتہ بنالے اور چراغ میں روشن کرے اور منہ چراغ کا طرف خانہ مطلوب کے ہو اور چاہیے کہ اس نقش کو مشتری کی ساعت میں لکھے مجرب ہے ۔ [illegible] ۱۱ ۱۱ ۱۱ ۱۱ ھ کر ۱۱ ۱۲ ۸ے ص عہ لا ۹

حُب کے واسطے

بحرمت شیخ عبداللہ

یاجبروت یاحیی یاقیوم

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	یاباسط	۳

بحرمت سلیمان بن داؤد

[illegible]

حُب کے واسطے کھلا دے

ایضاً: اسی ترتیب سے لکھے مجرب ہے۔ ھ کر ۱۱ ۱۲ ۸ے ص عہ لا ۹

درد ناف کے لیے

یااللہ یاباسط یا بدوح یالخیر

یا بدوح

یا بدوح

یااللہ یامحمدؐ

یہ تعویذ درد ناف کا ہے۔

شعبدات نادرہ

کچھوے کی چربی لے اور بورہ ارمنی اس میں ملائے اور فلیتہ کتان سے بنائے اور چربی مذکور میں آلودہ کرے اور چراغ تو

میں رکھے اور روغن سیماب ڈالے اور روشن کرے تو معلوم ہو کہ اہلِ محفل کشتی پر سوار ہو کر دریا کی سیر کرتے ہیں۔ شعبدہ لاوے شیشہ صاف و قدرے شراب تیز دو آتشہ اس میں ڈالے اور قدرے گندھک ڈالے اور خانہ تاریک میں شیشہ مذکور کو رکھے معلوم ہو کہ آگ درمیان شیشے کے رکھی ہے۔ شعبدہ: انگریزی دیا سلائی سے مکان تاریک میں دیوار پر جو لکھے یا نقش کرے درخشندہ معلوم ہو۔ شعبدہ قدرے نوسادر و عقر قرحا منہ میں رکھے اور چباوے اور اسی پانی سے کلی کرے۔ چنگاری آگ کی منہ میں رکھے ہرگز ہرگز منہ نہ جلے گا۔ شعبدہ افیون و کتیرا اور پھٹکری و نمک سانبھر اور پوست تخم مرغ اور سیماب اور ابرق پسا ہوا ایک دگر سے کے سے ملے اور ہاتھ میں آگ لے ہاتھ ہرگز نہ جلے گا اور دوا مذکور پیر میں ملے پیر ہرگز نہ جلے گا۔ شعبدہ۔ گل سرخ و پھٹکری و تخم خطمی و شراب و کافور و مرکہ باہم مخلوط کرے اور ہاتھ میں ملے آگ سے محفوظ رہے گا۔ شعبدہ لاوے ابرق حل کردہ اور پارے میں مخلوط کرے اور ساتھ ہی سفیدی تخم مرغ اور لعاب تخم خطمی کے بدن اور منہ پر ملے۔ اگر تنور جلتے ہوئے میں کود پڑے گا۔ جلنے سے آگ کے محفوظ رہے گا۔ شعبدہ۔ کف دریا اور پوست تخم مرغ مساوی پیس کر سرکہ میں ملا کر بدن پر طلا کرے آگ سے محفوظ رہے۔ شعبدہ۔ گوند عربی کو پانی میں حل کر کے ہاتھ میں ملے آگ اٹھائے ہاتھ نہ جلے گا۔ شعبدہ۔ لاوے بیضہ مرغ اور آلائش اس کی دور کرے اور قدرے سیماب اس میں ڈالے اور سوراخ کو موم سے بند کرے۔ فصل گرما میں وصوب میں اور فصل جاڑے میں بھوبھل کی آگ میں رکھے انڈا اڑے گا۔ شعبدہ۔ اگر آب شیر گرم میں قدرے سریشم ماہی پیس کر ڈالے پانی مثل برف کے جم جائے گا۔ شعبدہ۔ لاوے انڈا تازہ سوراخ کر کے شبنم سے بھرے اور موم سے بند کرے انڈا اُڑ جائے گا۔

ستاروں کے خواص جورات دن میں نیک و بد ہیں

روشن ہووے کہ اگر کسی کو نیک ستاروں کے عمل میں جانا ہے تو پہلے اس نقشہ کو دریافت کر کے سدھارے۔ انشاءاللہ تعالیٰ فتح یاب ہوگا۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ نقشے کے سیدھے طرف کے بڑے خانوں میں دنوں کے نام ہیں اور چھوٹے سب خانوں میں ستاروں کے نام اور ان کے کلاک کے دو عدد ہیں اور نیچے ان کی خاصیت مرقوم ہے اس پر عمل کریں۔

روز یکشنبہ	۷ شمس نیک	۸ زہرہ نیک	۹ عطارد میانہ	۱۰ قمر نیک	۱۱ زحل بد	۱۲ مشتری نیک	۱ مریخ بد	۲ شمس نیک	۳ زہرہ نیک	۴ عطارد میانہ	۵ قمر نیک	۶ زحل بد
شب دوشنبہ	۷ مشتری نیک	۸ مریخ بد	۹ شمس نیک	۱۰ زہرہ نیک	۱۱ عطارد میانہ	۱۲ قمر نیک	۱ زحل بد	۲ مشتری نیک	۳ مریخ بد	۴ شمس نیک	۵ زہرہ نیک	۶ عطارد میانہ
روز دوشنبہ	۷ قمر نیک	۸ زحل بد	۹ مشتری نیک	۱۰ مریخ بد	۱۱ شمس نیک	۱۲ زہرہ نیک	۱ عطارد میانہ	۲ قمر نیک	۳ زحل بد	۴ مشتری نیک	۵ مریخ بد	۶ شمس نیک
شب سہ شنبہ	۷ زہرہ نیک	۸ عطارد میانہ	۹ قمر نیک	۱۰ زحل بد	۱۱ مشتری نیک	۱۲ مریخ بد	۱ شمس نیک	۲ زہرہ نیک	۳ عطارد میانہ	۴ قمر نیک	۵ زحل بد	۶ مشتری نیک
روز سہ شنبہ	۷ مریخ بد	۸ شمس نیک	۹ زہرہ نیک	۱۰ عطارد میانہ	۱۱ قمر نیک	۱۲ زحل بد	۱ مشتری نیک	۲ مریخ بد	۳ شمس نیک	۴ زہرہ نیک	۵ عطارد میانہ	۶ قمر نیک
شب چہارشنبہ	۷ زحل بد	۸ مشتری نیک	۹ مریخ بد	۱۰ شمس نیک	۱۱ زہرہ نیک	۱۲ عطارد میانہ	۱ قمر نیک	۲ زحل بد	۳ مشتری نیک	۴ مریخ بد	۵ شمس نیک	۶ زہرہ نیک
روز چہارشنبہ	۷ عطارد میانہ	۸ قمر نیک	۹ زحل بد	۱۰ مشتری نیک	۱۱ مریخ بد	۱۲ شمس نیک	۱ زہرہ نیک	۲ عطارد میانہ	۳ قمر نیک	۴ زحل بد	۵ مشتری نیک	۶ مریخ بد
شب پنجشنبہ	۷ شمس نیک	۸ زہرہ نیک	۹ عطارد میانہ	۱۰ قمر نیک	۱۱ زحل بد	۱۲ مشتری نیک	۱ مریخ بد	۲ شمس نیک	۳ زہرہ نیک	۴ عطارد میانہ	۵ قمر نیک	۶ زحل بد
روز پنجشنبہ	۷ مشتری نیک	۸ مریخ بد	۹ شمس نیک	۱۰ زہرہ نیک	۱۱ عطارد میانہ	۱۲ قمر نیک	۱ زحل بد	۲ مشتری نیک	۳ مریخ بد	۴ شمس نیک	۵ زہرہ نیک	۶ عطارد میانہ
شب جمعہ	۷ قمر نیک	۸ زحل بد	۹ مشتری نیک	۱۰ مریخ بد	۱۱ شمس نیک	۱۲ زہرہ نیک	۱ عطارد میانہ	۲ قمر نیک	۳ زحل بد	۴ مشتری نیک	۵ مریخ بد	۶ شمس نیک
روز جمعہ	۷ زہرہ نیک	۸ عطارد میانہ	۹ قمر نیک	۱۰ زحل بد	۱۱ مشتری نیک	۱۲ مریخ بد	۱ شمس نیک	۲ زہرہ نیک	۳ عطارد میانہ	۴ قمر نیک	۵ زحل بد	۶ مشتری نیک
شب شنبہ	۷ مریخ بد	۸ شمس نیک	۹ زہرہ نیک	۱۰ عطارد میانہ	۱۱ قمر نیک	۱۲ زحل بد	۱ مشتری نیک	۲ مریخ بد	۳ شمس نیک	۴ زہرہ نیک	۵ عطارد میانہ	۶ قمر نیک
روز شنبہ	۷ زحل بد	۸ مشتری نیک	۹ مریخ بد	۱۰ شمس نیک	۱۱ زہرہ نیک	۱۲ عطارد میانہ	۱ قمر نیک	۲ زحل بد	۳ مشتری نیک	۴ مریخ بد	۵ شمس نیک	۶ زہرہ نیک
شب یکشنبہ	۷ عطارد میانہ	۸ قمر نیک	۹ زحل بد	۱۰ مشتری نیک	۱۱ مریخ بد	۱۲ شمس نیک	۱ زہرہ نیک	۲ عطارد میانہ	۳ قمر نیک	۴ زحل بد	۵ مشتری نیک	۶ مریخ بد

فقط

اسم اعظم کے بیان میں

یعنی جو اللہ تعالےٰ کے نام اعظم ہیں ان کے بیان میں کہ ان کو پڑھ کے اللہ تعالیٰ سے بہ برکت ان کی دعا کرے تاکہ مستجاب ہووے اسم اعظم کے معنی میں علماء کو خلاف ہے چنانچہ اشعری اور باقلانی کے نزدیک کل اسماء اللہ تعالےٰ اسم اعظم ہیں بعض کو بعض پر فضیلت نہیں ہے جس کی وجہ سے ایک کو افضل اور دوسرے کو ادنیٰ سمجھا جائے اور حدیث شریف میں جو اسم اللہ اعظم کا لفظ آیا اس کے معنیٰ عظیم کے ہیں یعنی اللہ اللہ تعالےٰ کے نام بڑے ہیں اس میں سب آگئے کسی کی تخصیص نہ رہی۔ اور ابن حبان نے کہا کہ مراد اعظم سے یہ ہے کہ دعا کرنے والے کو اس نام کے پڑھنے سے ثواب زیادہ ملتا ہے کسی نام کو ایک دوسرے پر فضیلت نہیں ہے اور بعضوں نے کہا ہے کہ اس کا مطلب سوائے خداوند کریم کے اور کوئی نہیں جانتا بظاہر اسماء اللہ تعالےٰ کل اعظم ہیں قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِسْمُ اللّٰہِ اَعْظَمُ فِیْ ھَاتَیْنِ الْاٰیَتَیْنِ وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ ج لَااِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ط وَ فَاتِحَہ وَسُوْرَۃ اٰل عمران ترجمہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اسم اعظم اللہ تعالیٰ کا ان دو آیتوں میں ہے۔ وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَااِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اور الحمد للہ شریف اور سورہ آل عمران۔

ف۔ اہلِ معرفت نے طریق ورد اس کا یوں فرمایا ہے کہ جس مطلب کے لیے اس کا ورد کرے اس کو لازم ہے کہ اس مطلب کے عدد نکالے اور بقدر اعداد کے اس کل مجموعہ کو پڑھے اور اگر اس قدر طاقت اور مشقت کا متحمل نہیں ہو سکتا ہے تو اہلِ حدیث کے نزدیک تعداد کچھ امر ضروری نہیں جس قدر اللہ پاک

توفیق عنایت فرمائے پڑھے اور عرض حاجت کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ ایک ہفتہ نہ گذرنے پائے گا کہ ساحلِ مقصود کو پہنچ جائے گا کیونکہ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب کوئی آیات مذکورہ پڑھ کے دعا کرتا ہے تو اس کی دعا قبول کی جاتی ہے مگر اس روایت میں سورۂ طٰہٰ زیادہ ہے۔

مجرب عملیاتی تحفے

۱ حصنِ حصین

۲ اورادِ وظائف

۳ قلندری مجموعہ وظائف

۴ گنجینہ اسرارِ اولیاء

۵ گنجینہ اسرارِ مخفی

۶ مجرباتِ دیربی

۷ تحفۂ مشکل کشا

۸ طلسمات عجائب

۹ تحفۂ دستگیری

مشتاق بُک کارنر، الکریم مارکیٹ اُردو بازار، لاہور